القراءة القرآنیّة

الجزء الأوّل

تالیف

محمد حسن الاعظمی

وُ

سید عبد الرحیم مفسر

ناشر

…سلامیّہ ہند

1951

Marfat.com

Marfat.com

سلسلۂ تصانیف رابطۂ تالیف وترجمہ نمبر ۱

القِرَاءَةُ القُرْآنِيَّةُ

فِي الأَخْلَاقِ الإِنْسَانِيَّةِ

الجُزْءُ الأَوَّلُ

لمطالعة الفرقة الخامسة
من المدارس الثانوية العصرية

رَتَّبَهُ

محمد حسن الأعظمي (ازہری)
معتمد عمومی جماعة الاخوة الاسلامیہ بمصر
ورابطۂ تالیف وترجمہ ہند

سید عبد النعیم
مرتب تفسیر تعلیم القرآن
ومدرس صدر انجمن اسلامیہ

Marfat.com

جملہ حقوق بحق ادارہ محفوظ ہیں

الطبعۃ الاولیٰ ———— ۱۰۰۰

ذی الحجہ ۱۳۶۵ھ

نومبر ۱۹۴۶ء

59996

ناشر

ادارۂ معارف اسلامیہ ہند عزیز منزل

گوشہ محل

مطبوع

انتظامی پریس حیدرآباد دکن

Marfat.com

1951

محتویات

الدرس	عربی عنوان	صفحہ	سبق	اردو عنوان	صفحہ
۱	فضيلة العلم	۱۰	پہلا	فضیلتِ علم	۵۱
۲	النصيحة	۱۹	دوسرا	خیرخواہی	۲۲
۳	الموعظة	۲۵	تیسرا	نصیحت	۲۸
۴	لا أجرة في الوعظ و	۳۱	چوتھا	وعظ و نصیحت کی	۳۳
	الارشاد	=		اجرت نہ لینا	=
۵	التفكر	۳۶	پانچواں	قرآن کا سمجھ کر پڑھنا	۳۸
۶	الصبر (الف)	۴۰	چھٹواں	مستقل مزاجی	۴۳
۷	" (ب)	۴۶	ساتواں	ثابت قدمی	۴۹
۸	الشكر	۵۲	آٹھواں	قدردانی	۵۳
۹	التوكّل	۵۶	نواں	خدا پر بھروسہ	۵۸
۱۰	الاخلاص	۶۱	دسواں	بے لوثی	۶۳
۱۱	الصدق (الف)	۶۶	گیارہواں	سچائی (الف)	۶۹
۱۲	" (ب)	۷۳	بارہواں	" (ب)	۷۶
۱۳	ايفاء العهد	۷۹	تیرہواں	اقرار کا پورا کرنا	۸۱
۱۴	الكذب	۸۴	چودہواں	جھوٹ	۸۵

Marfat.com

۱۵	الافتراء	۸۸	پندرہواں	بہتان	۹۱
۱۶	القول بغیر عمل	۹۶	سولہواں	قول بے عمل	۹۸
۱۷	المراءاۃ	۱۰۱	سترھواں	ریاکاری	۱۰۳
۱۸	العدل	۱۰۶	اٹھارواں	انصاف	۱۰۸
۱۹	القضاء	۱۱۲	انیسواں	فیصلہ	۱۱۴
۲۰	الرشوۃ	۱۱۸	بیسواں	ناجائز طریقہ سے مال حاصل کرنا	۱۲۱
۲۱	التقلید الأعمٰی	۱۲۵	اکیسواں	کورانہ تقلید آباء کی مذمت	۱۲۸
۲۲	التواضع	۱۳۳	بائیسواں	تواضع	۱۳۴
۲۳	حسن القول	۱۳۷	تیئیسواں	شیریں زبانی	۱۳۹
۲۴	الاستکبار	۱۴۳	چوبیسواں	اترانا	۱۴۴
۲۵	المتفرقات	۱۴۵	پچیسواں	متفرقات	۱۵۰

انتھی

اشارات:

(الف) شروع سورۃ ــ آیت نمبر ــ رکوع نمبر ــ سورۃ نمبر

(ب) مولانا اشرف علی تھانوی اور مولانا شبیر احمد عثمانی کے اردو ترجمہ اور علامہ عبد اللہ یوسف علی کے انگریزی ترجمہ سے استفادہ کیا گیا ہے۔

Marfat.com

ذخیرہ
جمیل احمد شرقپوری نقشبندی مجددی
لاہور پاکستان

مَلحوظہ

الجزءُ الأول = للفرقة الخامسة من المدارس لثانوية
(حصّہ اول برائے جماعت پنجم)

الجزء الثانی = الفرقة السادسة من المدارس لثانویہ
(حصہ دوم برائے جماعت ششم)

الجزء الثالث = للفرقة السابعة من المدارس الثانویہ
(حصہ سوم برائے جماعت ہفتم)

الجزء الرابع = للفرقہ الثامنة من المدارس لثانویہ
(حصہ چہارم برائے جماعت ہشتم)

الجزء الخامس = للفرقة التاسعة من المدارس لثانویہ
(حصّہ پنجم برائے جماعت نہم)

یمتحن طلبة الشهادة الثانویة
فی الاجزاء الخمسة المذکورة
(میٹرک میں پانچوں حصوں کا امتحان لیا جائے گا)

Marfat.com

حرف آغاز

عربی زبان پر عبور حاصل کرنے سے پہلے مجھے سینکڑوں بار قرآن مجید کی تلاوت کا موقعہ ملا۔ اُس وقت دوسروں کی طرح میرا بھی یہی تصور تھا کہ ثواب اور برکت سے مالا مال ہو رہا ہوں لیکن کبھی مجھے یہ خیال نہ گذرتا کہ قرآن مجید انسانیت کو اعلیٰ ترین مدارج پہ پہنچانے کا زینہ اور عناصر غیر اللہ کے خاتمہ کے لئے ایک موثر دستور اور کامیاب لائحہ عمل ہے۔

عربی زبان کو اپنانے کے لئے حجاز، عراق، شام فلسطین اور شرق اردن کا کئی بار دورہ کرنے کے بعد میں مصر پہنچا اور جامعہ ازہر میں داخل ہو کر از سر نو درس و تدریس میں منہمک ہو گیا۔ کئی سال کے قیام اور قاہرہ کے ہزاروں طلبہ کی صحبت نے مجھ پر روشن کیا کہ یہاں کا تعلیمیافتہ طبقہ افراط و تفریط کی لعنت اور الحاد و دہریّت کی وبا سے اس لئے محفوظ ہے کہ یہاں کے نصاب تعلیم کا جوہری عنصر کوئی انسانی کتاب نہیں بلکہ کتاب اللہ ہے اسی لئے جامعہ ازہر کے داخلہ کا اٹل قانون اہل زبان کے لئے حفظ قرآن اور غیر اہل زبان کے لئے فہم قرآن ہے۔ نیز مصری یونیورسٹی سے بی۔ اے کی ڈگری حاصل کرنے

Marfat.com

کے لئے بھی "قرآن" اور کشاف جیسی تفسیر کے پرچہ میں کامیابی لازمی ہے۔
لیبیا کی جنگ کی وجہ سے جب میں [illegible] پہونڈا اور مسر میں ہندوستان
کے مختلف مقامات پر دورہ کرتے ہوئے چند دوستوں کے اصرار پر [illegible]
پہنچا تو دوران قیام میں مجھے متعدد تقاریر کرنے کا موقعہ ملا جو اکثر قرآنی
نظریات [illegible] تعلیمات کی تشریح پر مشتمل تھیں [illegible]
اور عصری طلبا کے اعتراضات پر غور و خوض کے بعد نوجوانوں کو یکجا کرکے
تحریک "اُخوۃ اسلامیّہ" کی ابتدا کی اور خواتین کی خواہش پر
"بزم نسواں" کی تنظیم شروع کی تاکہ قرآنی روشنی میں مختلف فرقوں
کو ایک مرکز پر جمع کرکے ان میں اخوت و اتحاد کی تجدید کی جائے۔

صدر بزم نسواں بیگم خان بہادر [illegible] علی [illegible] اور [illegible]
آنسہ حمیدہ بانو بی۔ اے اور ہمہ اراکین صد ستائش و تشکر کے مستحق ہیں
انہی کے شوق اور کوششوں سے "القراءۃ القرآنیہ" کی تالیف
اور اشاعت عمل میں آئی اور حسن اتفاق سے مجھے ایک ایسے عالم کا
تعاون حاصل ہو گیا جن کی عمر کا بیشتر حصہ قرآن کی تشریح و تفسیر میں
گذرا ہے۔

ضرورت کا لحاظ کرکے سب سے پہلے قرآن کی اخلاقی تعلیم کے
(۱۲۵) اسباق کو پانچ حصوں میں پیش کیا جا رہا ہے تاکہ پانچویں چھٹی ساتویں
آٹھویں اور نویں جماعتوں میں بالترتیب یہ کتب پڑھائی جا سکیں اور
میٹرک میں ان سب حصوں کا بیک وقت امتحان لیا جا سکے نیز اس کے

Marfat.com

دوسرے حصص جو احکام - قصص عبادات وغیرہ پر مشتمل ہوں گے وہ بی اے تک کی جماعتوں کے لئے مخصوص ہوں گے اور ایم - اے میں پورے قرآن مع تفسیر کا امتحان لیا جائے گا - ان کتابوں کی مدد سے قرآنی نظریات کے سمجھنے میں جتنی سہولت ہوگی اسی قدر عربی سیکھنے میں امداد ملیگی - اور متن کے ساتھ اردو انگریزی دونوں زبانوں میں ترجمہ ہونے کی وجہ سے ہندوستان کے ہر صوبے کے باشندے اس سے فائدہ اُٹھا سکیں گے نیز مفسرین اور محققین اس کی تبویب سے بڑا استفادہ کرسکیں گے

قرآن کو ہر دلعزیز اور عام فہم بنانے کی اس کتاب کو ایک کوشش سمجھیے اس لئے کہ میری دلی تمنا ہے کہ یہ نونہالانِ اسلام اور عصری طلبہ کی تربیت میں کیمیا صفت ثابت ہو تاکہ ان کے دل و دماغ پر قرآن کا تسلط ہو جائے اور وہ بغیر قرآن زندہ رہنے کی تمنا نہ کریں اور خارجی اثرات و بے جان جگمگاتی تحریکات سے متاثر نہ ہوں - ہمارے نوجوان قومیت اور اشتراکیت جیسے پھندول میں بہت جلد محض اسی لئے گرفتار ہو جاتے ہیں کہ بد قسمتی سے وہ اسلامی تعالیم اور قرآنی تصورات سے بالکل معرا ہوتے ہیں اور ناقص سے ناقص تعلیم اور تربیت کو غنیمت جان کر قبول کرلیتے ہیں -

آج کل حیدرآباد میں تحریک تفہیم القرآن کی تاسیس بھی اسی مقصد کے حصول کے تحت کی گئی ہے تاکہ دلچسپ انداز میں عصری نوجوانوں کو قرآن کے مضمرات سمجھائے جائیں اور انہیں کسی غلط تعلیم کا شکا

Marfat.com

نہ ہونے دیا جائے۔ اگر ہم ایک طرف عربی کی اشاعت کی ہر ممکنہ کوشش کر رہے ہیں اور عربی ماحول پیدا کر کے عربی کو مسلمانوں کی مادری زبان بنانے کے لئے کوشاں ہیں تو دوسری طرف درس وتدریس اور ترجمہ کے توسط سے عوام کو عربی اور قرآن سے قریب کرنے کی جدوجہد کر رہے ہیں کیونکہ قرآن اور عربی کے سوا کوئی قوت بھی مسلمانوں کو ایک مرکز پر نہیں لا سکتی اس لئے ہماری انتہائی کوشش ہے کہ ہر مسلمان یہ سمجھنے لگے کہ قرآن نبی کریم صلعم کے توسط سے اسی پر نازل ہوا ہے اور اس کا خالق اس ہی سے ہمکلام ہے اور یہ بھی سمجھ لے کہ قرآن سمجھ کر عمل پیرا ہونے کے لئے ہے ایک خاص انداز کے نغمہ وترنم سے دہرانے کے لئے نہیں۔ قرآن عمل چاہتا ہے محض تبرک سمجھ کر دہرایا جانا نہیں۔ قرآن انقلاب چاہتا ہے۔ صرف خوبصورت جزدانوں میں لپیٹ کر لٹکایا جانا نہیں۔

درحقیقت غلامی اور غلط تعلیم کی وجہ سے ہندوستانی مسلمان نے قرآن کی روح سے دور اور اسکی تعالیم سے بے خبر رہکر اس کو تبرک اور خیالی ثواب کا خزینہ سمجھ لیا ہے حالانکہ اس کیلئے قرآن میں انقلاب و ترقی کے تمام نسخے اور ہدایات مکمل طور پر موجود ہیں۔

اسی قرآں میں ہے اب ترکِ جہاں کی تعلیم
جس نے مومن کو بنایا مہ و پرویں کا امیر
تن بہ تقدیر ہے آج ان کے عمل کا انداز
تھی نہاں جن کے ارادوں میں خدا کی تقدیر
جو تھا ناخوب بتدریج وہی خوب ہوا
کہ غلامی میں بدل جاتا ہے قوموں کا ضمیر (اقبال)

آخر میں میرا خوشگوار فریضہ ہے کہ اپنے دوست محمد علی صاحب ایم اے۔ غلام محمد خاں صاحب ایم اے اور عزیزی حکیم محمد عاقل صاحب کا شکریہ ادا کروں جنہوں نے اس کتاب کی تکمیل میں میرا ہاتھ بٹایا۔

وما توفیقی الا باللہ

حسن الاعظمی

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلدَّرْسُ الْاَوَّلُ

فَضِیْلَۃُ الْعِلْمِ

الْأَلْفَاظُ الصَّعْبَۃُ:

رَبِّ - اے میرے پروردگار (تربیت کرنے والا (ارباب جمع) رَبِّ اصل میں رَبِّیْ تھا (ی) محذوف ہے۔

زِدْ - بڑھا - زیادہ کر

نِیْ - مجھ کو۔

اِنَّمَا - سوائے اس کے نہیں۔ بے شک - جز این نیست۔

یَخْشٰی - وہ ڈرتا ہے یا ڈریگا۔ (خَشْیَۃٌ مصدر - ڈرنا)

مِنْ - سے

عِبَادِہٖ - اس کے بندے (عَبْدٌ واحد - بندہ)

عُلَمَاءُ - (بمعنی عالمون) جاننے والے (عَالِمٌ واحد - جاننے والا)

اِنَّ - بے شک - یقیناً - تحقیق

عَزِیْزٌ - عزت والا - غالب۔

غَفُوْرٌ - بہت بخشنے والا (غُفران مصدر بخشنا)

وَ - اور (حرف عطف)

تِلْكَ - وہ (مونث ہے ذٰلِكَ کا)

اَمْثَالُ - مثالیں - حال - کیفیات (مَثَل - واحد ہے)

نَضْرِبُهَا - ہم اس کو یا ان کو بیان کرتے ہیں یا کریں گے۔

Marfat.com

لِ ۔ واسطے یا لئے

نَاسُ ۔ لوگ

مَا یَعْقِلُ ۔ وہ نہیں سمجھتا ہے۔

اِلَّا ۔ مگر

یَرْفَعُ ۔ وہ بلند کرتا ہے یا کریگا۔

اَلَّذِیْنَ آمَنُوْا ۔ وہ شخص جو وہ ایمان لائے۔

مِنْکُمْ ۔ تم میں سے۔

اُوْتُوْا ۔ اُن کو دیا گیا (مصدر اِیْتَا ۔ دینا)

دَرَجَاتُ ۔ درجے ۔ رتبے (دَرَجَۃٌ واحد ۔ رتبہ)

مَا ۔ جو ۔ کچھ ۔ نہیں۔

تَعْمَلُوْنَ ۔ تم عمل کرتے ہو یا کروگے۔

خَبِیْرٌ ۔ باخبر۔

قُلْ ۔ واقف۔

ھَلْ ۔ کیا۔

یَسْتَوِیْ ۔ وہ برابر ہوتا ہے یا ہوگا (اِسْتِوَاء ۔ برابر ہونا)

لَا یَعْلَمُوْنَ ۔ وہ نہیں جانتے ہیں (عِلم ۔ جاننا)

یَتَذَکَّرُ ۔ وہ نصیحت پذیر ہوتا ہے یا ہوگا (تَذَکُّر مصدر ۔ نصیحت قبول کرنا)

اُوْلُوْ ۔ والے ۔ اصحاب (ذو ۔ واحد ہے ۔ والا ۔ صاحب)

اَلْبَاب ۔ عقول ۔ دانائیاں۔ (لُبٌّ واحد ہے ۔ عقل ۔ دانائی)

لَقَدْ جِئْنٰھُمْ ۔ یقیناً ہم ان کے پاس آئے ہیں (جَاءَ بِہٖ ۔ وہ اس کے ساتھ آیا یا اُسے لایا)

کِتَابٌ ۔ لکھی یا جمع کی ہوئی چیز۔

فَصَّلْنَا ۔ ہم نے کھول کھول کر بیان کیا۔ (تَفْصِیْل ۔ مصدر کھولکر بیان کرنا)

عَلٰی ۔ پر

ھُدًی ۔ ہدایت ۔ رہنمائی ۔ رہبری

Marfat.com

رَحْمَه - مہربانی - رحمت

قَوْمٌ - لوگ، جماعت۔ گروہ

یُؤمِنُوْنَ - وہ ایمان لاتے ہیں یا لائیں گے

قَالَ - اُس نے کہا (قَوْلٌ مصدر کہنا)

اَعُوْذُ - میں پناہ میں آتا ہوں یا پناہ لیتا ہوں یا لوں گا (عیاذ مصدر - پناہ لینا)

اَنْ - یہ کہ کہ

اَکُوْنَ - میں ہوتا ہوں یا ہوں گا۔ (کَوْن - ہونا۔)

جاھِلِیْنَ
جاھِلُوْنَ } نادان - ناواقف (واحد جَاھِلٌ)
جُھلَاءُ -

لَاِنْ - البتہ - اگر۔

اِتَّبَعْتَ - تونے پیروی کی (اِتباع پیروی کرنا)

اَھْوَاءَ - خواہشات (ھَوٰی واحد خواہش)

بَعد - پیچھے۔

جَاءَكَ - وہ تیرے پاس آیا۔

وَلِیٌّ - حمایتی - دوست۔ کارساز (اَولیاء۔ جمع)

نَصِیْرٌ - مدد کرنے والا۔ (نَصِیْرٌ و نُصَرَاء جمع)

یُؤْتِیْ - وہ دیتا ہے یا دیگا۔

حِکْمَةٌ - دانائی کی باتیں۔ حکمت

مَنْ - کون - جو شخص۔

یَشَاءُ - وہ چاہتا ہے یا چاہیگا

فَ - بس - تو پھر۔

قَدْ اُوْتِیَ - دیا گیا ہے۔

خَیْرٌ - بھلائی - نیکی - یا اچھا۔ بہتر

کَثِیْرٌ - زیادہ

شَهِدَ - اس نے گواہی دی۔

(شَهَادَةً - گواہی دینا)

اَنَّهُ - یہ کہ وہ یا یقیناً وہ

لَا - نہیں

Marfat.com

إِلٰه - معبود (اٰلِهَةٌ جمع)
مَلٰئِكَةٌ - فرشتے - (مَلَكٌ - واحد)
قَائِمٌ - کھڑا ہونے والا (قیام
کھڑا ہونا - قَامَ بِهٖ - اس نے اسکی
کی نگرانی یا انتظام کیا)
قِسْطٌ - انصاف -
حَكِيْمٌ - حکمت والا - دانا -
(حُكَمَاء - جمع)
يُرِيْدُوْنَ - وہ ارادہ کرتے
ہیں یا کریں گے -
الحياة - زندگی -
دنیا - مونث - قریب کی یا کمتی
چیز - (اَدْنٰی - مذکر)
يَا لَيْتَ - اے کاش -
ذُوْحَظٍّ - نصیبے والا - صاحب
قسمت - بختاور -
عَظِيْمٌ - عظمت والا - بڑا
وَيْلَكُمْ - تمہاری خرابی یا بربادی
ثَوَابٌ - بدلہ - جزا - اجر -

صَالِحٌ - نیک - اچھا -
لَا يُلَقّٰى - وہ نہیں دیا جاتا ہے
یا دیا جائے گا - (تلقية
دینا مصدر ہے -)
صَابِرُوْنَ - رُکے رہنے والے
مستقل مزاج - صبر کرنے والے
(صَابِرٌ - واحد)
لَوْ - اگر -
لَا نَفَرَ - وہ نہیں بھاگا یا نکلا
كُلٌّ - ہر ایک - سب -
فِرْقَةٌ - حصہ - جماعت (فِرَق جمع)
طَائِفَةٌ - حصہ - ٹکڑا - جماعت
طواف کرنے والی یا پھرنے والی
چیز -
لِيَتَفَقَّهُوْا - تاکہ وہ سمجھیں (تفقہ
مصدر - سمجھنا - فقہ کے معلومات
حاصل کرنا)
دِيْنٌ - بدلہ، مذہب - جزا و سزا -
لِيُنْذِرُوْا - تاکہ وہ آگاہ کریں

Marfat.com

(اِنذار - ڈرانا - باخبر کرنا)

اِذْ یا اِذًا - جب یا جس وقت -

رَجَعُوْا - وہ لوٹے - (رُجُوع - واپس ہونا یا لوٹنا)

اِلَیْهِمْ - ان کی طرف -

لَعَلَّ - شاید کہ، امید ہے کہ ممکن ہے کہ، اس توقع پر -

یَحْذَرُوْنَ - وہ ڈرتے ہیں یا ڈریں گے - (حَذَرٌ - ڈرنا یا پرہیز کرنا مصدر)

تَرْجِمْ بِالْاُرْدِیَّةِ مَا یَأْتِیْ :-

۱- رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا (۱۱۴/۲۰ ، ۵)

۲- اِنَّمَا یَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ غَفُوْرٌ (۲۸/۳۵ ، ۳)

۳- وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ وَمَا یَعْقِلُهَآ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ (۴۳/۲۹ ، ۳)

۴- یَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَالَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ (۱۱/۵۸ ، ۱)

۵- قُلْ هَلْ یَسْتَوِی الَّذِیْنَ یَعْلَمُوْنَ وَالَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ اِنَّمَا یَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ (۹/۳۹ ، ۱)

۶- وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى عِلْمٍ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ (۵۲/۷ ، ۵)

۷- قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِیْنَ (۶۷/۲ ، ۷)

۸- وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ مَا جَآءَكَ مِنَ

Marfat.com

الْعِلْمِ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ (۱۳/۳۷ ۴)

۹- يُؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَاءُ وَ مَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا (۲/۲۶۹ ۳۶)

۱۰- شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ وَ اُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (۳/۱۸ ۱)

۱۱- قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ قَارُوْنُ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ (۲۸/۷۹ ۲)

۱۲- وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا وَ لَا يُلَقّٰهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ (۲۸/۸۰-۷۹ ۲)

۱۳- فَلَوْ لَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ (۹/۱۲۲ ۱۴)

پہلا سبق

فضیلت علم

عربی میں ترجمہ کرو:-

۱- اے میرے رب میرا علم بڑھا دے (۲۰/۱۱۴ ۵)

۲- خدا سے اس کے وہی بندے ڈرتے ہیں جو علم رکھتے

ہیں۔ واقعی اللہ تعالیٰ زبردست اور بڑا بخشنے والا ہے

۳۔ اور ہم ان مثالوں کو لوگوں کے لئے بیان کرتے ہیں (۲۰/۳۵ ۳)۔ اور ان مثالوں کو بس علم والے ہی سمجھتے ہیں (۴۳/۲۹ ۳)

۴۔ اللہ تعالیٰ تم میں ایمان والوں کے اور ان لوگوں کے جن کو علم عطا ہوا ہے۔ درجے بلند کر دے گا اور اللہ تعالیٰ کو سب اعمال کی پوری خبر ہے۔ (۱۱/۵۸ ۱)

۵۔ وہی لوگ نصیحت حاصل کرتے ہیں جو اہل عقل ہیں (۹/۳۹ ۱)

۶۔ اور ہم نے ان لوگوں کے پاس ایک ایسی کتاب پہنچا دی ہے جس کو ہم نے اپنے علم کامل سے بہت ہی واضح کرکے بیان کر دیا ہے جو ذریعہ ہدایت اور رحمت ان لوگوں کے لئے ہے جو ایمان لے آتے ہیں۔ (۵۲/۷ ۵)

۷۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا نعوذ باللہ جو میں ایسی جہالت والوں کا سا کام کروں۔ (۶۷/۲ ۷)

۸۔ اور اگر آپ ان کے نفسانی خیالات کا اتباع کرنے لگیں بعد اس کے کہ آپ کے پاس علم پہنچ چکا ہے تو اللہ کے مقابلہ میں نہ کوئی آپ کا مددگار ہوگا اور نہ کوئی بچانے والا (۳۷/۱۳ ۴)

۹۔ دین کا فہم جس کو چاہتے ہیں دے دیتے ہیں اور جس کو دین کا فہم مل جائے اس کو بڑی خیر کی چیز مل گئی اور

Marfat.com

نصیحت وہی لوگ قبول کرتے ہیں جو عقل والے ہیں (۲۶۹/۲ ۳)

۱۰۔ گواہی دی ہے اللہ تعالیٰ نے اس کی کہ بجز اس ذات کے کوئی معبود ہونے کے لائق نہیں اور فرشتوں نے بھی اور اہل علم نے بھی اور معبود بھی وہ اس شان سے ہیں کہ اعتدال کے ساتھ انتظام رکھنے والے ہیں۔ ان کے سوا کوئی معبود ہونے کے لائق نہیں ہے (۱۸/۳ ۱)

۱۱۔ جو لوگ دنیا کے طالب تھے کہنے لگے کیا خوب ہوتا کہ ہم کو بھی وہ ساز و سامان ملا ہوتا جیسا قارون کو ملا ہے۔ واقعی بڑا صاحب نصیب ہے (۷۹/۲۸ ۷)

۱۲۔ اور جن لوگوں کو سمجھ عطا ہوئی تھی وہ کہنے لگے ارے تمہارا ناس ہو اللہ تعالیٰ کے گھر کا ثواب ہزار درجے بہتر ہے جو ایسے شخص کو ملتا ہے کہ ایمان لائے اور نیک عمل کرے اور وہ انھیں کو دیا جاتا ہے جو صبر کرنے والے ہیں (۸۰/۲۸ ۷)

۱۳۔ سو ایسا کیوں نہ کیا جائے کہ ان کی ہر ہر بڑی جماعت میں سے ایک چھوٹی جماعت جایا کرے تاکہ باقی ماندہ لوگ دین کی سمجھ بوجھ حاصل کرتے رہیں اور تاکہ یہ لوگ اپنی قوم کو جب کہ وہ ان کے پاس آویں ڈراویں کہ وہ احتیاط رکھیں (۱۲۲/۹ ۱۴)

Marfat.com

خلاصہ :-

علم کے لغوی معنی کسی چیز کے جاننے کے ہیں ۔ کسی چیز کا علم اگر وہ احکام شرعی کے خلاف نہ ہو یقیناً نفع بخش ہے ۔ لیکن قرآن کی اصطلاح میں علم صحیح وہ ہے جو براہ راست وحی الہٰی یا اس کے بہترین شارع پیغمبر آخرالزماں رسول کریم صلعم کے ذریعہ دیا گیا ہے جو انسان کی زندگی کے ہر شعبہ پر نہ صرف حاوی بلکہ اس کی ہر گتھی کو سلجھانے والا ہے ۔ اس کے سوا ہر غیر الہٰی ذرائع سے حاصل کیا ہوا علم غلطی و تباہی کا موجب ہو سکتا ہے ۔ ان آیات میں اسی علم صحیح کے اصول کی فضیلت اور اس کے ازدیاد کی ترغیب دی گئی ہے اور فرمایا گیا ہے کہ شریعت کا صحیح علم رکھنے والے بندے ہی صاحب عقل و حکمت ہیں جو جہالت و جاہلیت سے الگ رہ سکتے ہیں ۔ زندگی کا حقیقی لطف اٹھا سکتے ہیں ۔ قوم کو صحیح نقطۂ نظر پر لانا اور اس میں توحید، عدل، مستقل مزاجی اور علم کی اشاعت ایسے علماء کا کام ہے اور یہ علماء ہی اس کو کر سکتے ہیں ۔

Marfat.com

الدّرسُ الثّانی

النّصیحۃ

الألفاظ الصّعبۃ

أُبَلِّغُ - میں پہنچاتا ہوں یا پہنچاؤنگا
(تبلیغ - پہنچانا مصدر)

رِسالات - پیغامات - پیامات
(رِسالۃ - واحد) بھیجنا - خط،
پیغام -

أَنَا - میں (ضمیر واحد متکلم)

ناصِحٌ - نصیحت یا خیرخواہی کرنیوالا
(ناصحین - ناصحون، نُصحاء
جمع ہے)

أَمِینٌ - امانت دار (أُمناء
جمع ہے)

نَصوحٌ - خالص

قَاسَمَهُمَا - اُس نے ان دونوں سے
قسم کھائی (مُقَاسَمۃ - مصدر)

لَا تُحِبُّونَ - تم نہیں محبت رکھتے
ہو یا رکھو گے (اِحباب - مصدر
چاہنا - محبت رکھنا)

أَبْلَغْتُكُمْ - میں نے تم کو پہنچا دیا -
(اِبلاغ - پہنچانا)

كَيْفَ - کیوں کر - کس طرح -

آسیٰ - غمخواری کرتا ہوں یا کرونگا
میں (آسیٰ - افسوس)

کافِرِین، کافِرون | کفر کرنیوالے
کَفَرَۃ، کُفّار | (کُفر - ڈھانکنا)

Marfat.com

ناشکرگذاری کرنا یا انکار کرنا)
یُغوِی ۔ وہ گمراہ کرتا ہے یا گمراہی کا
حکم لگاتا ہے یا لگائے گا۔
مَلَأٌ ۔ جماعت ۔ گروہ ۔
یاتَمِرُوْن ۔ وہ مشورہ کرتے ہیں
یا کرینگے (ایتمار ۔ مشورہ کرنا)
لا تأمَنّا ۔ آپ ہمارا اعتبار نہیں کرتے
ہیں ۔
ضُعَفَاء ۔ کمزور اشخاص (ضعیف
واحد ۔ ضعف والا)
مَرضیٰ، مَرضا } بیمار (مریض
مریضون } واحد)
لا یجدُوْن ۔ وہ نہیں پاتے ہیں
یا پائیں گے (وِجدان مصدر ۔
پانا)
یُنفِقُوْن ۔ وہ خرچ کرتے ہیں یا
کریں گے (انفاق ۔ خرچ کرنا)
حَرَجٌ ۔ تنگی ۔ مضایقہ ۔
مُحسِنِیْن ۔ نیکی کرنے والے،

احسان کرنے والے (اِحسانٌ
ہر کام کو خوبی سے انجام دینا)
سَبِیْل ۔ راستہ، طریقہ (سُبل جمع)
رَحِیْمٌ ۔ بہت رحم کرنے والا ۔
(رُحماء ۔ جمع)
حَرّمْنَا ۔ ہم نے روک دیا، منع
کیا (تحریم ۔ حرام کرنا ۔ منع کرنا)
مَرَاضِع ۔ دودھ پلانے والیاں،
انّائیں (مُرضِعة ۔ واحد ۔ لارضاع
مصدر دودھ پلانا)
اَدُلُّکُمْ ۔ میں تمہاری رہنمائی کرتی
ہوں یا کروں گی (دَلالة ۔ رہنمائی
کرنا)
اَھْلٌ ۔ لوگ ۔ متعلقین ۔
بَیْتٌ ۔ گھر، خاندان (بیوت جمع)
یکفلُونَہ ۔ وہ اس کی ذمہ داری
لیتے ہیں یا لیں گے (کفالة
یا کفیل ۔ ذمہ دار ہونا)

Marfat.com

ترجمہ الی الاردویۃ ما یأتی:۔

١۔ أُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّىْ وَأَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ أَمِيْنٌ (٦٨/٧ ٨)

٢۔ يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا (٨/٦٦ ١)

٣۔ وَقَاسَمَهُمَا اِنِّىْ لَكُمَا لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ (٢١/٧ ١)

٤۔ أُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّىْ وَأَنْصَحُ لَكُمْ وَأَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ (٦٢/٧)

٥۔ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّىْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُحِبُّوْنَ النّٰصِحِيْنَ (٧٩/٧ ٩)

٦۔ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّىْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ (٩٣/٧ ١٠)

٧۔ وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِىْ إِنْ أَرَدْتُّ أَنْ أَنْصَحَ لَكُمْ إِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ أَنْ يُّغْوِيَكُمْ هُوَ رَبُّكُمْ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ (٣٤/١١ ٢)

٨۔ قَالَ يٰمُوْسٰى إِنَّ الْمَلَأَ يَأْتَمِرُوْنَ بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ إِنِّىْ لَكَ مِنَ النّٰصِحِيْنَ (٢٠/٢٨ ١)

٩۔ وَقَالُوْا يٰأَبَانَا مَا لَكَ لَا تَأْمَنَّا عَلٰى يُوْسُفَ وَإِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ (١١/١٢ ١)

١٠۔ لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَاءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ إِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

Marfat.com

مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (۹۱/۹ ۱۱)

۱۱- وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلٰٓى أَهْلِ بَيْتٍ يَكْفُلُوْنَهٗ وَهُمْ لَهٗ نَاصِحُوْنَ (۱۲/۲۸ ۱)

دوسرا سبق

خیر خواہی

عربی میں ترجمہ کرو:-

۱- میں تم کو اپنے پروردگار کے پیغام پہنچاتا ہوں۔ اور میں تمہارا سچا خیر خواہ ہوں (۶۸/۷ ۸)

۲- اے ایمان والو تم اللہ کے آگے سچی توبہ کرو (۶/۶۶ ۱)

۳- اور ان دونوں کے روبرو قسم کھالی کہ یقین جانئے میں آپ دونوں کا خیر خواہ ہوں۔ (۲۱/۷ ۱)

۴- تم کو اپنے پروردگار کے پیغام پہنچاتا ہوں اور تمہاری خیر خواہی کرتا ہوں۔ اور میں خدا کی طرف سے ان امور کی خبر رکھتا ہوں جن کی تم کو خبر نہیں (۶۲/۷ ۷)

۵- اور فرمانے لگے کہ اے میری قوم میں نے تم کو اپنے پروردگار کا حکم پہنچا دیا تھا اور میں نے تمہاری خیر خواہی کی لیکن تم لوگ خیر خواہوں کو پسند ہی نہیں کرتے تھے (۷۹/۷ ۹)

59966

Marfat.com

۶- اور فرمانے لگے کہ اے میری قوم میں نے تم کو اپنے پروردگار کے احکام پہنچا دئے تھے اور میں نے تمہاری خیر خواہی کی پھر میں ان کافر لوگوں پر رنج کیوں کروں (۹۳/۷ ۱۰)

۷- اور میری خیر خواہی تمہارے کام نہیں آسکتی گو میں تمہاری کیسی ہی خیر خواہی کرنا چاہوں جب کہ اللہ ہی کو تمہارا گمراہ کرنا منظور ہو۔ وہی تمہارا مالک ہے اور اسی کے پاس تم کو جانا ہے (۳۴/۱۱ ۳)

۸- کہنے لگے اے موسیٰ اہل دربار آپ کے متعلق مشورہ کر رہے ہیں کہ آپ کو قتل کر دیں سو آپ چلد نکلئے۔ میں آپ کی خیر خواہی کر رہا ہوں (۲۰/۲۸ ۱)

۹- سب نے کہا کہ ابا اس کی کیا وجہ ہے کہ یوسف کے بارے میں آپ ہمارا اعتبار نہیں کرتے حالانکہ ہم ان کے خیر خواہ ہیں (۱۱/۱۲ ۱)

۱۰- کم طاقت لوگوں پر کوئی گناہ نہیں اور نہ بیماروں پر اور ان لوگوں پر جن کو خرچ کرنے کو میسر نہیں جب کہ یہ لوگ اللہ اور رسول کے ساتھ خلوص رکھیں۔ ان نکوکاروں پر کسی قسم کا الزام نہیں اور اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت والے بڑی رحمت والے ہیں (۹۱/۹ ۱۱)

۱۱- اور ہم نے پہلے ہی موسیٰ پر دودھ پلائیوں کی بندش کر رکھی

Marfat.com

تھی سو وہ کہنے لگیں کیا میں تم لوگوں کو کسی ایسے گھرانے کا پتہ بتاؤں جو تمھارے لئے اس بچّے کی پرورش کریں اور وہ اس کی خیرخواہی کریں (۱۲/۲۸ ۱)

خلاصہ :-

نصیحت کے لغوی معنی خیرخواہی کے ہیں - اس درس میں جو آیات بیان کی گئی ہیں - ان میں اس امر کی تعلیم دی گئی ہے کہ اپنی ذاتی خیرخواہی یہ ہے کہ تمام مضرت بخش اور نقصان دہ خیالات و اعمال سے ہٹ کر اللہ تعالیٰ ہی کی طرف توبہ د انابت کی جائے اور جو عطیات اللہ کی طرف سے علمی ، مالی ، اور بدنی مرحمت ہوئے ہیں ان کو صحیح طریقہ سے صرف کیا جائے - اللہ کے احکام لوگوں تک پہنچائے جائیں اور انسانوں کو ہر بُری چیز سے باخبر اور تکلیف دہ امور سے باز رکھنے کی ممکنہ سعی کی جائے -

---

Marfat.com

الدّرسُ الثّالِثُ

فی الموعظۃ

الألفاظ الصّعبۃ:

يُوْعَظُ اس کو نصیحت کی جاتی ہے یا
کی جائے گی (وعظ، موعظۃ۔
نصیحت کرنا مصدر ہے)
يَوْمٌ۔ دن، وقت، زمانہ کا کوئی حصہ
آخِرٌ۔ پچھلا۔ آخری
آخَرُ۔ دوسرا۔
اَنْ تَعُوْدُوْا۔ یہ کہ تم لوٹو (عودٌ۔
لوٹنا مصدر ہے)
اَبَدًا۔ ہمیشہ۔ کبھی۔
كُنْتُمْ۔ تم تھے یا ہیں یا ہوئے۔
مومنین } ایمان لانے والے
مُؤْمِنُوْنَ } (ایمان۔ یقین کرنا۔ آمن

بے فکر کرنا)
اُدْعُوْا۔ دعا کرو۔ بلاؤ (دُعاءٌ۔
دَعْوَةٌ۔ بلانا)
حَسَنَةٌ۔ اچھی چیز، نیکی یا آرام
جَادِلْهُمْ۔ ان سے بحث کرو (مُجادلۃ
بحث کرنا جھگڑنا۔ دوسرے کو اپنے
خیال کے مطابق بنانا)
اَلَّتِیْ۔ وہ چیز جو، یا وہ چیز یا عورت
یا جماعت۔
مُتَّقِيْنَ، مُتَّقُوْنَ۔ پرہیزگار (مُتَّقِی
واحد۔ اِتِّقاءٌ بچنا۔ ڈرنا۔ پرہیزگاری
اختیار کرنا)

Marfat.com

اَعْرَضَ - منہ پھیر لے (اِعْراض روگردانی کرنا مصدر ہے)

اَنْفُسُ - جانیں - (نفس - واحد جان)

بَلِیْغٌ - پہنچنے والا - مؤثر -

اَشَدَّ تَثْبِیْتًا - زیادہ پائیدار بہت مستحکم

نِعِمَّا (نِعْمَ مَا) - کیا ہی اچھی چیز ہے وہ چیز جو -

صُدُوْر - سینے (صَدْر - واحد سینہ - اونچا - بلند)

قُرْبیٰ - نزدیکی - رشتہ داری -

یَنْھیٰ - وہ منع کرتا ہے یا کرے گا

فَحْشَاءُ - ناپسندیدہ یا بے حیائی کی بات (اَفْحَشُ - مذکر)

مُنْکَرُ - ناپسندیدہ - انکار کیا ہوا -

بَغْیٌ - حد سے بڑھ جانا - زیادتی -

تَذَکَّرُوْن - تم نصیحت حاصل کرتے ہو یا کرو گے

اَنْزَلْنَا - ہم نے اُتارا (اِنْزال - وقت واحد میں نازل کرنا)

مُبَیِّنَات - ظاہر کرنے والی - ظاہر کرنے والیاں - کھلی ہوئی چیزیں -
(مُبَیِّنَۃ واحد تَبْیِیْن - ظاہر کرنا)

خَلَوْا - وہ گذر گئے -

یَا بُنَیَّ - اے میرے چھوٹے یا پیارے بیٹے -

لَا تُشْرِكْ - ساجھی نہ بنا - شریک قرار دے (اِشْراك - شرک کرنا)

ظُلْمٌ - کسی چیز کو بے محل رکھنا - غیر کی ملک میں تصرف کرنا -

لَا تَتَّخِذُوْا - نہ قرار دو - (اِتِّخَاذ - اختیار کرنا - تجویز کرنا)

هُزُوْ - ٹھٹھا - دل لگی -

اردو میں ترجمہ کرو :-

۱- ذٰلِکُمْ یُوْعَظُ بِہٖ مَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ ($\frac{۲}{۶۵}$ ۱)

۲ یَعِظُکُمُ اللّٰہُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِہٖ اَبَدًا اِنْ کُنْتُمْ مُؤْمِنِیْنَ ($\frac{۱۷}{۲۴}$ ۱)

Marfat.com

۳- اُدْعُ إِلَى سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ (۱۲۵/۱۶ ۱۵)

۴- هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِينَ (۱۳۸/۳ ۱۳)

۵- فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ فِي أَنْفُسِهِمْ قَوْلًا بَلِيغًا (۶۳/۴ ۸)

۶- وَلَوْ أَنَّهُمْ فَعَلُوا مَا يُوعَظُونَ بِهِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَأَشَدَّ تَثْبِيتًا (۶۶/۴ ۸)

۷- وَإِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ أَنْ تَحْكُمُوا بِالْعَدْلِ إِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهِ (۵۸/۴ ۸)

۸- يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَتْكُمْ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ (۵۷/۱۰)

۹- إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيتَاءِ ذِي الْقُرْبَى وَيَنْهَى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ (۹۰/۱۶ ۱۲)

۱۰- وَلَقَدْ أَنْزَلْنَا إِلَيْكُمْ آيَاتٍ مُّبَيِّنَاتٍ وَمَثَلًا مِّنَ الَّذِينَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِينَ (۳۴/۲۴ ۳)

۱۱- وَإِذْ قَالَ لُقْمَانُ لِابْنِهِ وَهُوَ يَعِظُهُ يَا بُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ (۱۳/۳۱ ۱)

Marfat.com

۱۲- وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ
عَلَيْكُمْ وَمَآ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ وَالْحِكْمَةِ
يَعِظُكُمْ بِهٖ (۲۸ ۲۳۱/۲)

تیسرا سبق

نصیحت

عربی میں ترجمہ کرو۔

۱- اس مضمون سے اس شخص کو نصیحت کی جاتی ہے جو اللہ پر اور قیامت پر یقین رکھتا ہو (۲/۶۵ ۱)

۲- اللہ تعالیٰ تم کو نصیحت کرتا ہے۔ پھر ایسی حرکت مت کرنا اگر تم ایمان والے ہو۔ (۱۷/۲۴ ۱)

۳- آپ اپنے رب کی راہ کی طرف علم کی باتوں اور اچھی نصیحتوں کے ذریعہ سے بلائیے اور ان کے ساتھ اچھے طریقے سے بحث کیجئے (۱۲۵/۱۶ ۱۵)

۴- یہ بیان کافی ہے تمام لوگوں کے لئے اور ہدایت اور نصیحت ہے خاص خدا سے ڈرنے والوں کے لئے (۱۳۷/۳ ۱۳)

۵- سو آپ ان سے تغافل کر جایا کیجئے اور ان کو نصیحت فرماتے رہیئے اور ان سے خاص ان کی ذات کے متعلق کافی

Marfat.com

مضمون کہہ دیجئے (۶۳/۴ ھ)

۶۔ اور یہ لوگ جو کچھ ان کو نصیحت کی جاتی ہے اس پر عمل کیا کرتے تو ان کے لئے بہتر ہوتا اور ایمان کو زیادہ پختہ کرنے والا ہوتا (۶۶/۴ ھ)

۷۔ اور یہ کہ جب لوگوں کا تصفیہ کیا کرو تو عدل سے تصفیہ کیا کرو۔ بے شک اللہ تعالیٰ اس بات کی تم کو نصیحت کرتے ہیں وہ بات بہت اچھی ہے (۵۸/۴)

۸۔ اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے ایک ایسی چیز آئی ہے جو نصیحت ہے۔ اور دلوں میں جو روگ ہیں ان کے لئے شفا ہے اور رہنمائی کرنے والی ہے اور رحمت ہے ایمان والوں کے لئے (۵۷/۱۰ ھ)

۹۔ بے شک اللہ تعالیٰ اعتدال اور احسان اور اہل قرابت کو دینے کا حکم فرماتے ہیں اور کھلی برائی اور مطلق برائی اور ظلم کرنے سے منع فرماتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ تم کو اس لئے نصیحت فرماتے ہیں کہ تم نصیحت قبول کرو۔ ۹۰/۱۶ ۱۲

۱۰۔ اور ہم نے تمہارے پاس کھلے کھلے احکام بھیجے ہیں اور جو لوگ تم سے پہلے ہو گذرے ہیں ان کی بعض حکایات اور ڈرنے والوں کے لئے نصیحت کی باتیں (۳۴/۲۴ ۳)

۱۱۔ اور جب لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا

Marfat.com

کہ بیٹا خدا کے ساتھ کسی کو شریک مت ٹھیرانا۔ بے شک شرک کرنا بڑا بھاری ظلم ہے۔ (۱۳/۲۱ ۱)

۱۲۔ اور حق تعالیٰ کے احکام کو لہو و لعب مت سمجھو اور حق تعالےٰ کی جو تم پر نعمتیں ہیں ان کو یاد کرو اور اس کتاب اور حکمت کو جو اللہ تعالیٰ نے تم پر اس حیثیت سے نازل فرمائی ہیں کہ تم کو اس کے ذریعہ سے نصیحت فرماتے ہیں۔ (۲۳۱/۲ ۲۸)۔

خلاصہ:۔

موعظت کے معنی وعظ و تبلیغ اور نصیحت کے ہیں۔ ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے کہ مواعظ و نصائح سے اللہ اور اس کی مقرر کردہ سزا و جزا پر یقین رکھنے والا ہی متاثر ہو سکتا ہے صحیح وعظ قرآن مجید ہی کی مندرجہ تعلیمات سے ممکن ہے۔ عدل و انصاف۔ نکوکاری اقرباء اور ہمجنسوں کی امداد بے حیائی بُری بات اور ظلم سے پرہیز آیات الٰہی کو سب سے زیادہ باوقعت سمجھنا۔ اللہ کی نعمتوں کو ہر لمحہ یاد کرنا مواعظ و نصائح ہی کے شعبے ہیں۔

Marfat.com

الدرس الرابع

لا اُجرۃ فی الوعظ والارشاد

اَلْأَلفاظ الصَّعْبَة:

لَا تَشْتَرُوْا ۔ نہ خریدو (اِشْتِرَاء خرید کرنا مصدر)

بِآیٰتِیْ ۔ میری نشانیوں یا آیتوں یا احکام سے۔

اِیَّایَ ۔ مجھ ہی سے۔

فَاتَّقُوْنِ (نِیْ) ۔ پس مجھ ہی سے ڈرتے رہو۔

مَآ اَسْئَلُکُمْ ۔ میں تم سے نہیں چاہتا ہوں۔ (سوال ۔ پوچھنا۔ درخواست کرنا۔ خواہش کرنا

اَجْرٌ اُجْرَۃٌ ۔ بدلہ مزدوری معاوضہ

مُتَکَلِّفِیْنَ ۔ مُتَکَلِّفُوْنَ ۔ بناوٹ اور تکلف سے کام لینے والے (مُتَکَلِّف ۔ واحد)

مَغْرَمٌ ۔ ڈنڈ، تاوان ۔ جرمانہ

مُثْقَلُوْنَ ۔ بوجھ لدے ہوئے (مُثْقَلٌ ۔ واحد) (اِثْقَال ۔ بوجھ یا ثقل لادنا ۔)

یَکْتُمُوْنَ ۔ وہ چھپاتے ہیں یا چھپائیں گے ۔ (کَتْم ۔ کِتْمَان چھپانا مصدر)

ذِکْرٰی ۔ نصیحت، یاددہی ۔

اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا ۔ نہیں ہے میرا بدلہ مگر

Marfat.com

فَطَرَنِی۔ اس نے مجھے پیدا کیا۔

اَفَلَا تَعْقِلُوْن۔ پس کیا تم نے عقل سے کام نہیں لیتے۔

خَرْجٌ، خَرَاجٌ۔ آمدنی۔

رَازِقِیْن، رَازِقُوْن۔ روزی دینے والے۔ (رازق واحد۔ رِزْق روزی دینا عطا کرنا)

مُرْسَلِیْن، مُرْسَلُوْن۔ بھیجے ہوئے پیغامبر۔ (ارسال۔ بھیجنا)

تَهْتَدُوْنَ، مُهْتَدِیْنَ۔ ہدایت یافتگان۔ (مُهْتَدِی۔ واحد۔ اِهْتِدَاءٌ۔ راہ یافتہ ہونا۔ راستہ پر لگ جانا)

مَوَدَّةٌ۔ وِدَادٌ۔ چاہنا۔ دوستی ہمدردی۔

يَقْتَرِفُ۔ وہ کرتا ہے یا کرے گا (اِقْتِرَافٌ۔ ارتکاب کرنا۔)

نَزِدْ۔ بڑھاتے ہیں ہم۔ زیادہ کرتے ہیں ہم (زِيَادَةٌ۔ مصدر ہے)

اردو میں ترجمہ کرو:۔

۱۔ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا وَّ اِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ (۴۱/۲ ۴)

۲۔ قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ۔ (۸۶/۳۸ ۴)

۳۔ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ (۴۰/۵۲ + ۴۶/۶۸ ۲)

۴۔ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَشْتَرُوْنَ بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا (۱۷۴/۲ ۲۰)

۵۔ قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ (۹۰/۶ ۹)

۶۔ يٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى الَّذِيْ فَطَرَنِيْ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ (۵۱/۱۱ ۴)

Marfat.com

۷- مَا تَسْئَلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ (۱۰۴/۱۲ ، ۱۰)

۸- أَمْ تَسْئَلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ (۷۲/۲۳ ، ۳)

۹- وَمَا أَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ، اِنْ أَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (۱۰۹+۱۲۷+۱۴۵+۱۶۴+۱۸۰/۲۶)

۱۰- قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْئَلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ (۲۰+۲۱/۳۶ ، ۱)

۱۱- قُلْ لَّا أَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى وَمَنْ يَّقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِيْهَا حُسْنًا (۲۳/۴۲ ، ۲)

چوتھا سبق

وعظ و نصیحت کی اجرت نہ لینا

عربی میں ترجمہ کرو:-

۱- اور مت لو بمقابلہ میرے احکام کے معاوضۂ حقیر کو اور خاص مجھ ہی سے پورے طور پر ڈرو (۴۱/۲ ، ۳)

۲- آپ کہہ دیجئے کہ میں تم سے اس قرآن پر نہ کچھ معاوضہ چاہتا ہوں اور نہ میں بناوٹ کرنے والوں میں ہوں (۸۶/۳۸ ، ۴)

۳- کیا آپ ان سے کچھ معاوضہ مانگتے ہیں کہ وہ اس تاوان

Marfat.com

سے دب جاتے ہیں (۴۶/۶۸ ۱)

۴- اس میں کوئی شبہ نہیں کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی کتاب کا اخفا کرتے ہیں اور اس کے معاوضہ میں متاعِ قلیل وصول کرتے ہیں (۱۷۴/۲ ۲۰)

۵- آپ کہہ دیجئے کہ تم سے اس پر کچھ معاوضہ نہیں چاہتا یہ تو صرف تمام جہاں والوں کے واسطے ایک نصیحت ہے۔ (۹۱/۶ ۹)

۶- اے میری قوم میں تم سے اس پر کوئی معاوضہ نہیں مانگتا میرا معاوضہ تو صرف اُسی کے ذمہ ہے جس نے مجھ کو پیدا کیا۔ پھر کیا تم نہیں سمجھتے (۵۱/۱۱ ۴)

۷- اور آپ ان سے اس پر کچھ معاوضہ تو چاہتے نہیں۔ یہ تو صرف تمام جہاں والوں کے لئے ایک نصیحت ہے۔ (۱۰۴/۱۲ ۱۰)

۸- یا آپ ان سے کچھ آمدنی چاہتے ہیں تو آمدنی آپ کے رب کی سب سے بہتر ہے اور وہ سب دینے والوں سے اچھا ہے (۷۲/۲۳ ۳)

۹- میں تم سے کوئی صلہ نہیں مانگتا میرا صلہ تو بس رب العالمین کے ذمہ ہے (۱۰۹/۲۶ ۵)

۹-۱- اور میں تم سے اس پر کوئی صلہ نہیں مانگتا۔ بس میرا صلہ تو رب العالمین کے ذمہ ہے (۱۲۷/۲۶ ۶)

۹-۲- اور میں تم سے اس پر کوئی صلہ نہیں مانگتا۔ بس میرا

Marfat.com

صلہ تو رب العالمین کے ذمہ ہے ($\frac{۱۴۵}{۲۶}$ ۷)

۹-۳- اور میں تم سے اس پر کوئی صلہ نہیں چاہتا میرا صلہ
تو رب العالمین کے ذمہ ہے ($\frac{۱۶۴}{۲۶}$ ۸)

۹-۴- اور میں تم سے اس پر کوئی صلہ نہیں چاہتا بس میرا
صلہ تو رب العالمین کے ذمہ ہے۔ ($\frac{۱۸۰}{۲۶}$ ۹)

۱۰- (کہنے لگا) اے میری قوم ان رسولوں کی راہ پر چلو۔ ایسے
لوگوں کی راہ پر چلو جو تم سے کوئی معاوضہ نہیں مانگتے
اور وہ خود راہِ راست پر ہیں ($\frac{۲۱+۲۰}{۳۶}$ ۱)

۱۱- آپ یوں کہیئے کہ میں تم سے اور کچھ مطلب نہیں چاہتا
بجز رشتہ داری کی محبت کے اور جو شخص کوئی نیکی کرے گا
ہم اس میں اور خوبی زیادہ کردیں گے ($\frac{۲۳}{۴۲}$ ۲)

خلاصہ :-

ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے کہ وعظ و ارشاد اور احکام الٰہی کی تبلیغ صرف حسبۃً للہ ہونی چاہیئے۔ وعظ مرشد و مبلغ کے پیشِ نظر انسانوں کو احکام الٰہی کی تفہیم و اصلاح سے صرف مادّی فوائد نہ ہونے چاہئیں بلکہ اصل مقصود رضائے الٰہی ہو اور محض اس سے اپنے حاجات کی تکمیل کی درخواست ہونی چاہیئے - پھر وہ خود

Marfat.com

ایسے ہادی مخلص کے لئے منافع کو مہیا اور مضرتوں کو دفع فرما دے گا۔

الدرس الخامس

فی التفکر

الالفاظ الصعبة :-

اَفَلَمْ یَدَّبَّرُوا - پس کیا انھوں نے ابتک نہیں سمجھا (ادّبر، تدبّر غور و فکر سے کام لینا)

اُقْصُصْ - بیان کر۔

یَتَفَکَّرُوْنَ - وہ فکر کرتے ہیں یا کریں گے (تفکّر - فکر کرنا - سوچ سمجھ سے کام لینا)

مُبَارَکٌ - برکت دیا ہوا - بابرکت

لِیَتَذَکَّرَ - تاکہ وہ نصیحت پذیر ہو (تذکّر یا ذکر - نصیحت قبول کرنا)

قُرْاٰنٌ - پڑھنا، جمع کرنا، پڑھی جانے والی یا جمع کی ہوئی چیز

غَیْرٌ - سوائے - دوسرا۔

ذی، ذا، ذو - والا - صاحب۔

عِوَجٌ - اِعْوِجَاج - کجی - ٹیڑھا ہونا

جَبَلٌ - پہاڑ (جِبَالٌ - جمع)

لَرَاَیْتَهٗ - البتہ تو نے اس کو دیکھا (رؤیة - رؤیا - رأی دیکھنا - غور کرنا)

مُتَصَدِّعٌ - پھٹ جانے والا۔ (تصدّع - اصدّع - شق ہونا پھٹ جانا)

خَاشِعٌ - جھک جانیوالا - خشوع کرنیوالا۔

Marfat.com

ترجموا إلى الأردية ما يأتي :-

١- أفلم يدّبّروا القول (٢٣/٦٨ ٣)

٢- كذلك يبيّن الله لكم الآيات لعلّكم تعقلون (٢٤٢/٢)

٣- كذلك يبيّن الله لكم آياته لعلّكم تتفكّرون (٢/٢٦٦، ٣٩)

٤- كذلك نفصّل الآيات لقوم يتفكّرون (١٠/٢٤، ٣)

٥- فاقصص القصص لعلّهم يتفكّرون (٧/١٧٦، ٢١)

٦- وأنزلنا إليك الذكر لتبيّن للناس ما نزّل إليهم

ولعلّهم يتفكّرون (١٦/٤٤ ٥)

٧- كتاب أنزلناه إليك مبارك ليدّبّروا آياته وليتذكّر

أولوا الألباب (٣٨/٢٩)

٨- إنّا أنزلناه قرآناً عربيّاً لعلّكم تعقلون (١٢/٢)

٩- قرآناً عربيّاً غير ذي عوج لعلّهم يتّقون (٣٩/٢٨ ٣)

١٠- لو أنزلنا هذا القرآن على جبل لرأيته خاشعاً

متصدّعاً من خشية الله (٥٩/٢١ ٢)

١١- أفلا يتدبّرون القرآن ولو كان من عند غير الله

لوجدوا فيه اختلافاً كثيراً (٤/٨٢ ١٠)

Marfat.com

پانچواں سبق

قرآن کا سمجھ کر پڑھنا

عربی میں ترجمہ کرو:۔

١۔ تو کیا ان لوگوں نے اس کلام میں غور نہیں کیا (٦٨/٢٣ ٣)

٢۔ اُسی طرح حق تعالیٰ تمہارے لئے اپنے احکام فرماتے ہیں اس توقع پر کہ تم سمجھو (٢٤٢/٢ ٣١)

٣۔ اللہ تعالیٰ اسی طرح نظائر فرماتے ہیں تمہارے لئے تاکہ تم سوچا کرو (٢٦٦/٢ ٣٦)

٤۔ ہم اس طرح آیات کو صاف صاف بیان کرتے ہیں ایسے لوگوں کے لئے جو سوچتے ہیں۔ (٢٤/١٠ ٢)

٥۔ سو آپ اس حال کو بیان کر دیجئے شاید وہ لوگ کچھ سوچیں (١٧٦/٧ ٢١)

٦۔ اور آپ پر بھی یہ قرآن اُتارا ہے تاکہ جو مضامین لوگوں کے پاس بھیجے گئے اُن کو آپ ان پر ظاہر کر دیں اس لئے وہ فکر کیا کریں (٤٤/١٦ ٥)

٧۔ ایک کتاب ہے جو اُتاری ہم نے تیری طرف برکت کی تاکہ دھیان کریں لوگ اس کی باتیں اور تا سمجھیں عقل والے (٢٩/٣٨ ٢)

Marfat.com

۸- ہم نے اس کو اتارا ہے قرآن عربی زبان کا تاکہ تم سمجھو (۲/۱۲ ۱۰)

۹- وہ عربی قرآن ہے جس میں ذرا کجی نہیں تاکہ یہ لوگ ڈریں (۲۹/۳۹ ۳)

۱۰- اگر ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو تو اس کو دیکھتا
کہ خدا کے خوف سے دب جاتا اور پھٹ جاتا (۲۱/۵۹ ۲)

۱۱- کیا پھر قرآن میں غور نہیں کرتے اور اگر یہ اللہ کے سوا کسی
اور کی طرف سے ہوتا تو اس میں بکثرت تفاوت پاتے (۸۲/۴ ۱۰)

خلاصہ:-

کسی کام کی کامیابی اس کے نفع و نقصان پر سوچنے سمجھنے کے بغیر حاصل نہیں ہو سکتی۔ ان آیات میں تفکر، تدبر، تعقل، تذکر کی ترغیب دی گئی ہے اور بتایا گیا ہے کہ غور و فکر سے ہر انسان اس نتیجہ پر پہنچیگا کہ بہترین تعلیم اور خالق و مخلوق کے حقوق کو سمجھانے والی کتاب یکسانیت سے مملو اور اختلافات سے بری صرف قرآن مجید ہی ہے اس لئے آیات قرآنی ہی میں غور و فکر کرنا انسان کا بہترین مشغلہ ہونا چاہیئے

Marfat.com

الدرس السّادس

فی الصّبر (الف)

الألفاظ الصّعبة :-

لَا يُضِيْعُ - وہ نہیں اکارت کرتا یا کرے گا (اضاعۃ - بیکار یا ضائع کرنا)

وَاهْجُرْهُمْ - اور انکو چھوڑ دے (هَجْر - هِجْرَان - ترک کرنا)

أُولُوا الْعَزْمِ - ارادے یا ہمت والے

مُرْسَلٌ - پیغامبر - فرستادے (رسول واحد - بھیجا ہوا)

لَا تَسْتَعْجِلْ - عجلت نہ کر (استعجال جلدی کی خواہش کرنا)

صَابِرُوْا - آپس میں صبر کی تاکید کرو (مُصابرۃ - ایک دوسرے کو مستقل مزاج رہنے اور رکے رہنے کی تاکید کرنا)

رَابِطُوْا - آپس میں مضبوط رہو۔ (ربط، رباط - مستعد ہونا)

لَا تَكُ - لَا تَكُنْ - مت رہ - نہ ہو جا

ضَيْقٌ - تنگی۔

وَعْدٌ - وعدہ - خوشخبری۔

حَقٌّ - ٹھیک - صحیح - ثابت اور باقی رہنے والی۔

لَا يَسْتَخِفَّنَّكَ - وہ تجھ کو ہرگز ہلکا نہ کر دے۔ (استخفاف - ہلکا سمجھنا غیر مستقل اور بے برداشت کر دینا)

لَا يُوْقِنُوْنَ - ان کو ایقان نہیں ہے

اِسْتَغْفِرْ - مغفرت طلب کر۔

Marfat.com

استغفار - بخشش دینے ڈھانکنے (یا محفوظ رکھنے کی خواہش)

لِذَنۡبِكَ - تیرے گناہ اور لغزش کے لئے (ذُنُوبٌ - جمع)

سَبِّحۡ - تسبیح پڑھ (تسبیح - سبحان - پاکی بیان کرنا - اللہ تعالیٰ کو نقص و عیب سے بری سمجھنا)

حَمۡدٌ - تعریف کرنا - اللہ تعالیٰ کو صفات کمال کا جامع سمجھنا -

عَشِیٌّ - شام -

اِبۡكَارٌ - صبح

عِشۡرُونَ - عِشۡرِینَ - بیس ۲۰

مِأتَین - مأتان - دو سو - مِأۃٌ - واحد ۱۰۰

اَلۡفَینِ - اَلۡفَانِ - دو ہزار - (الف - واحد ۱۰۰۰)

اِذۡنٌ - اجازت - حکم -

لَنَبۡلُوَنَّكُمۡ - ہم تمہارا ضرور امتحان کریں گے

(بَلَاءٌ - آزمانا - امتحان - نعمت - مصیبت)

شَیۡءٌ - چیز - کچھ - چاہنا - (اَشۡیَاءُ - جمع)

نَقۡصٌ - نقصان - گھٹانا -

ثَمَرَاتٌ - پھل - (ثَمَرَةٌ - واحد)

بَشِّرۡ - خوشخبری دے - (تبشیر، خوشخبری سنانا)

مُصِیۡبَةٌ - آفت - تکلیف پہنچنے والی چیز - یا نشانہ پر لگنے والی چیز (مَصَائِب - جمع - اِصَابَةٌ مصدر)

تَرۡجِمُوا إلَى الْأُرۡدِيَّةِ مَا يَأۡتِي :-

۱- وَاصۡبِرُوا إِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصَّابِرِينَ (۴۶/۸ ۵)

۲- وَاصۡبِرۡ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيعُ أَجۡرَ الۡمُحۡسِنِينَ (۱۱۵/۱۱ ۹)

۳- فَاصۡبِرۡ إِنَّ وَعۡدَ اللّٰهِ حَقٌّ (۷/۳۰ ۷)

۴- وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصَّابِرِينَ (۱۴۶/۳ ۱۴)

۵- وَاصۡبِرۡ عَلَى مَا يَقُولُونَ وَاهۡجُرۡهُمۡ هَجۡرًا جَمِيلًا (۱۰/۷۳ ۲)

Marfat.com

٦ - فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ أُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِل لَّهُمْ (٣٥/٤٦ ٣)

٧ - يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اصْبِرُوا وَصَابِرُوا وَرَابِطُوا وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ (٢٠٠/٣ ٢٠)

٨ - وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللَّهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُونَ (٢٧/١٦ ١٥)

٩ - فَاصْبِرْ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِينَ لَا يُوقِنُونَ (٦٠/٣٠ ٥)

١٠ - وَاصْبِرْ عَلَىٰ مَا أَصَابَكَ إِنَّ ذَٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ (١٧/٣١ ١)

١١ - فَاصْبِرْ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ (٥٥/٤٠ ٥)

١٢ - إِن يَكُن مِّنكُمْ عِشْرُونَ صَابِرُونَ يَغْلِبُوا مِائَتَيْنِ (٦٥/٨ ٨)

١٣ - فَإِن يَكُن مِّنكُم مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَغْلِبُوا مِائَتَيْنِ (٦٦/٨ ٨)

١٤ - وَإِن يَكُن مِّنكُمْ أَلْفٌ يَغْلِبُوا أَلْفَيْنِ بِإِذْنِ اللَّهِ مَعَ الصَّابِرِينَ (٦٦/٨ ٨)

١٥ - وَلَنَبْلُوَنَّكُم بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْأَمْوَالِ وَالْأَنفُسِ وَالثَّمَرَاتِ وَبَشِّرِ الصَّابِرِينَ الَّذِينَ إِذَا أَصَابَتْهُم مُّصِيبَةٌ قَالُوا إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ (١٥٦/٢ ١٨)

Marfat.com

چھٹا سبق

مستقل مزاجی

عربی میں ترجمہ کرو :-

۱- اور صبر کرو بے شک اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے (۵ ۲/۲)

۲- اور صبر کیا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ نکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتے (۹ ۱۱۵/۱۱)

۳- تو آپ صبر کیجئے بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے (۷ ۴۴/۲۴)

۴- اور اللہ تعالیٰ کو ایسے مستقل مزاجوں سے محبت ہے (۱۴۲ ۱۴۵/۳)

۵- اور یہ لوگ جو جو باتیں کرتے ہیں ان پر صبر کرو اور خوبصورتی کے ساتھ ان سے الگ ہو جاؤ (۲ ۱۰/۲۴)

۶- تو آپ صبر کیجئے جیسا اور ہمت والے پیغمبروں نے صبر کیا تھا اور ان لوگوں کے لئے جلدی نہ کیجئے (۳ ۳۵/۴۶)

۷- اے ایمان والو خود صبر کرو اور مقابلہ میں صبر کرو اور مقابلہ کے لئے مستعد رہو اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو تاکہ تم پورے کامیاب ہو (۲۰ ۲۰۰/۳)

۸- اور آپ صبر کیجئے اور آپ کا صبر کرنا خاص خدا ہی کی توفیق

Marfat.com

سے ہے اور ان پر غم نہ کیجئے۔ اور جو کچھ یہ تدبیریں کرتے ہیں اس سے تنگ دل نہ ہو جیے (۱۵ ۱۲۷/۱۶)

۹۔ سو آپ صبر کیجئے بے شک اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے اور یہ بد یقین لوگ آپ کو بے برداشت نہ کرنے پائیں (۵ ۶۰/۳۰)

۱۰۔ اور تجھ پر جو مصیبت واقع ہو اس پہ صبر کیا کر یہ ہمت کے کاموں میں سے ہے۔ (۱ ۱۷/۳۱)

۱۱۔ سو آپ صبر کیجئے بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے اور اپنے گناہ کی معافی مانگئے اور شام اور صبح اپنے رب کی تسبیح و تحمید کرتے رہیے۔ (۵ ۵۵/۴۰)

۱۲۔ اگر تم میں کے بیس آدمی ثابت قدم رہنے والے ہوں گے تو دو سو پر غالب آجائیں گے۔ (۶۵/۸)

۱۳۔ سو اگر تم میں کے سو آدمی ثابت قدم رہنے والے ہوں گے تو دو سو پر غالب آئیں گے (۸ ۶۶/۸)

۱۴۔ اگر تم میں کے ہزار ہوں گے تو دو ہزار پر اللہ کے حکم سے غالب آجائیں گے اور اللہ تعالیٰ صابرین کے ساتھ ہیں (۸ ۶۶/۸)

۱۵۔ اور ہم تمہارا امتحان کریں گے کسی قدر خوف سے اور فاقہ سے اور مال اور جان اور پھلوں کی کمی سے اور آپ ایسے صابرین کو بشارت سنا دیجئے کہ ان پر جب کوئی مصیبت پڑتی ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم تو اللہ تعالیٰ ہی

Marfat.com

کی ملک ہیں اور ہم سب اللہ تعالیٰ ہی کے پاس جانے والے ہیں۔ ۱۵۵/۲ ۱۸

خلاصہ:-

صبر کے لغوی معنی رُکے رہنے یعنی مستقل مزاجی کے ہیں ان آیات میں برائیوں کے ترک کرنے۔ نیکیوں پر قائم رہنے اور ترک معاصی اور فعلِ طاعت پر جو تکلیفیں پیش آئیں ان کو مردانہ وار برداشت کرنے کی ترغیب دی گئی ہے اور فرمایا گیا ہے کہ دشمنوں کی زیادتی اور تکالیف و مصائب کی کثرت اور اعمال حسنہ کے نتائج میں تاخیر ہو تو ان امور سے نہ گھبرانا چاہیے بلکہ مستقل مزاجی ہی کو اپنا شعار بنائے رکھنا چاہیے۔ اس سبق میں مسلمانوں کا صحیح اور اعلیٰ معیار بتایا گیا ہے اس کے مطالعہ سے ہمارے اسلاف کی کامیابی اور فتوحات کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے اور سچے مسلمان کی پہچان یہ بتائی گئی ہے کہ اگر وہ دس ہوں تو سو دشمنوں پر غالب آجائیں گے یعنی ایک مسلمان کو اگر حقیقۃً وہ مسلمان ہو تو وہ دس کافروں پر بھاری ہونا چاہیے اس لحاظ سے ہندوستان کے دس کروڑ مسلمانوں کو ایک ارب پر بھاری ہونا چاہیے۔

Marfat.com

الدرس السّابع

فی الصّبر (ب)

الألفاظ الصعبة :-

مَرَّتَيْنِ، مَرَّتَان ۔ دو مرتبہ (مَرَّةٌ ۔ واحد ۔ مِرَارٌ جمع)

يُوفَوْنَ ۔ ان کو پورا پورا دیا جاتا ہے یا دیا جائے گا (اِيْفَاءٌ مصدر، وَفٰی ۔ مادہ)

حِسَابٌ ۔ مُحَاسَبَةٌ ۔ شمار کرنا، حساب لینا۔

جَزَيْتُهُمْ ۔ میں نے ان کو بدلہ دیا (جَزَاءٌ مُجَازَاةٌ ۔ بدلہ دینا)

فَائِزُوْنَ ۔ فَائِزِيْنَ ۔ کامیاب، بامراد ۔ (فَوْزٌ ۔ مادہ)

اِبْتِغَاءٌ ۔ خواہش کرنا ۔ چاہنا۔

وَجْهٌ ۔ چہرہ، طریقہ، ذات (وُجُوْهٌ، اَوْجُهٌ (جمع)

اَقَامُوْا ۔ انھوں نے کھڑا کیا، درست رکھا (اِقَامَةٌ ۔ مصدر)

سِرًّا ۔ چھپا کر۔

عَلَانِيَةً ۔ ظاہر کر کے۔

يَدْرَءُوْنَ ۔ وہ دفع کرتے ہیں یا کریں گے (دَرْءٌ ۔ دور کرنا ۔ ہٹانا)

سَيِّئَةٌ ۔ بُری چیز ۔ جہنم ۔ عذاب۔

عُقْبٰی ۔ پچھلی چیز، انجام (اَعْقَبُ مذکر)

غُرْفَةٌ ۔ بالاخانہ ۔ حجرہ (غُرُفَات ۔ وغُرَف جمع ہے)

Marfat.com

يَنفَدُ - وہ ختم ہوتا ہے یا ہو جائیگا (نِفاد - ختم ہو جانا)

اَذَقنَا - ہم نے چکھایا (اذاقہ مصدر - ذوق - مادہ)

بَاقِیٍ - رہنے والا - (بقاء مصدر قیام)

نَزَعنَاهَا - ہم نے اسے دور کردیا (نَزعٌ - کھینچنا - دور کرنا)

هَاجَرُوا - انہوں نے چھوڑ دیا یا ترک وطن کیا (مُهَاجَرَة مصدر هِجرٌ - مادہ)

يَئُوسٌ - بہت ہی نا امید، مایوس (یاس - مادّہ)

فُتِنُوا - ان کو آزمایا گیا (فِتنَةٌ جانچنا - ناپنا - کھوٹ علیحدہ کرنا آزمایش - ہنگامہ - فساد مصیبت انجام)

نَعمَاءَ - نعمت - راحت - آرام دہ چیز

ضَرَّاءَ - ضرر مصیبت، تکلیف دہ چیز

فَرِحٌ - خوش، مسرور - اِترانیوالا

جَاهَدُوا - انہوں نے کوشش کی (مُجَاهَدَة .. جهاد - جان اور مال سے پوری کوشش کرنا)

فَخُورٌ - فخر یا بڑائی کرنے والا -

اَورَثنَا - ہم نے جانشین بنایا (ایراث - اِرث - وارث بنانا)

عَاقِبُوا - سزا دو (مُعاقبہ - عقاب عذاب دینا - باری باری سے آنا)

يُستَضعَفُونَ - کمزور سمجھے جاتے تھے (اِستِضعَاف - ضعف والا سمجھنا)

تَرجِمُوا اِلَى الأُردِيَّةِ مَا يَأتِي :-

۱- وَلَمَن صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِن عَزمِ الاُمُورِ - ($\frac{۴۳}{۴۲}$)

۲- اُولٰئِكَ يُؤتَونَ اَجرَهُم مَرَّتَينِ بِمَا صَبَرُوا ($\frac{۵۴}{۲۸}$ ۵)

۳- اِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُونَ اَجرَهُم بِغَيرِ حِسَابٍ ($\frac{۱۰}{۳۹}$ ۱)

Marfat.com

۴- اِنِّيْ جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ (۱۱۱/۲۳ ۵)

۵- وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ (۲۲/۱۳ ۲)

۶- اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا (۷۵/۲۵ ۵)

۷- مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (۹۶/۱۶ ۴)

۸- ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَصَبَرُوْٓا اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (۱۱۰/۱۶ ۱۳)

۹- وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ (۱۲۶/۱۶ ۱۵)

۱۰- وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ اِنَّهٗ لَيَئُوْسٌ كَفُوْرٌ وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ ـ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ (۹+۱۰+۱۱/۱۱ ۱)

Marfat.com

۱۱- وَأَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِينَ كَانُوا يُسْتَضْعَفُونَ
مَشَارِقَ الْأَرْضِ وَمَغَارِبَهَا الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا
وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنَىٰ عَلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ
بِمَا صَبَرُوا (۱۳۷/۷ ۱۵)

ساتواں سبق

ثابت قدمی

عربی میں ترجمہ کرو:-

۱- اور جو شخص صبر کرے اور معاف کر دے البتہ بڑے ہمت کے کاموں میں ہے (۴۳/۴۲ ۴)

۲- ان لوگوں کو ان کی پختگی کی وجہ سے دوہرا ثواب ملے گا (۵۴/۲۸ ۶)

۳- مستقل رہنے والوں کو ان کا صلہ بے شمار ہی ملے گا (۱۰/۳۹ ۱)

۴- میں نے ان کو آج ان کے صبر کا بدلہ دیا کہ وہی کامیاب ہوئے۔ (۱۱۱/۲۳ ۵)

۵- اور یہ لوگ ایسے ہیں کہ اپنے رب کی رضا مندی کے جویاں رہ کر مضبوط رہتے ہیں اور نماز کی پابندی رکھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو روزی دی ہے اس میں سے چھپے کے بھی اور ظاہر کر کے بھی خرچ کرتے ہیں اور بدسلوکی کو حُسن

سلوک سے ٹال دیتے ہیں۔ اس جہان میں نیک انجامی ان
لوگوں کے واسطے ہے (۲۲/۱۲ ۲)

۶۔ ایسے لوگوں کو بالا خانے ملیں گے بوجہ ان کے ثابت قدم
رہنے کے اور ان کو اس میں بقار کی دعا اور سلام ملیگا (۲۵/۷۹ ۵)

۷۔ اور جو کچھ تمھارے پاس ہے وہ ختم ہو جائے گا اور جو کچھ
اللہ کے پاس ہے وہ دائم رہے گا۔ اور جو لوگ ثابت قدم
ہیں ہم ان کے اچھے کاموں کے عوض میں ان کا اجر اُن کو
ضرور دیں گے۔ (۹۶/۱۶ ۱۲)

۸۔ پھر بے شک آپ کا رب ایسے لوگوں کے لئے کہ جنھوں نے
مبتلائے کفر ہونے کے بعد ہجرت کی پھر جہاد کیا اور قائم
رہے تو آپ کا رب اس کے بعد بڑی مغفرت کرنیوالا
اور بڑی رحمت کرنے والا ہے (۱۱۰/۱۶ ۱۳)

۹۔ اور اگر بدلہ لینے لگو تو اتنا ہی بدلہ لو جتنا تمھارے ساتھ
برتاؤ کیا گیا تھا۔ اور اگر صبر کرو تو وہ صبر کرنے والوں کے
حق میں بہت ہی اچھی بات ہے (۱۲۶/۱۶ ۱۵)

۱۰۔ اور اگر ہم انسان کو اپنی مہربانی کا مزہ چکھا کر اس سے چھین
لیتے ہیں تو وہ نا امید اور ناشکرا ہو جاتا ہے (۹/۱۱ ۱)

۱۱۔ اور اگر اس کو کسی تکلیف کے بعد جو کہ اسی پر واقع ہوئی
ہو کسی نعمت کا مزہ چکھا دیں تو کہنے لگتا ہے کہ میرا سب

Marfat.com

دکھ درد رخصت ہوا وہ اترانے لگتا ہے۔ شیخی بگھارنے لگتا
ہے (۱۱)

ج ۔ مگر جو لوگ مستقل مزاج ہیں۔ اور نیک کام کرتے ہیں وہ ایسے
لوگوں کے لئے بڑی مغفرت اور بڑا اجر ہے (۱۱)

۱۱ ۔ اور ہم نے ان لوگوں کو جو کہ بالکل کمزور شمار کئے جاتے تھے
اس سرزمین کے پورب پچھم کا مالک بنا دیا جس میں ہم نے
برکت رکھی ہے اور آپ کے رب کا نیک وعدہ بنی اسرائیل
کے حق میں ان کے صبر کی وجہ سے پورا ہو گیا (۱۳۷)

خلاصہ

اس سبق میں بھی پچھلے سبق کی طرح مستقل مزاجی صبر اور ثابت قدمی
کی تعلیم دی گئی ہے نیز درگزر کر دینے کی ترغیب دی گئی ہے اور
حکم دیا گیا ہے کہ اگر تم کسی سے بدلہ لو تو اتنا ہی لو جتنا کہ برتاؤ تمہارے
ساتھ کیا گیا تھا لیکن اگر معاف کر دو تو وہ بدلہ لینے سے بہتر ہے

Marfat.com

الدرس الثامن

الشكر

الألفاظ الصعبة :-

شَاكِرِيْنَ ، شَاكِرُوْنَ - شکر گذار، قدر والا، احسان ماننے والا۔ (شُکْرٌ - مادّہ - شاکر - واحد)

يَرْضَهُ - وہ اس سے یعنی شکر سے رضامند اور خوش ہوگا (رِضاء رِضوان - پسند کرنا، خوشنودی)

كُلُوْا - تم کھاؤ - (اکل - کھانا)

حَدِّثْ - ذکر کیا کر (تحدیث - بیان کرنا)

اِصْطَفَيْتُكَ - میں نے تجھ کو منتخب کیا

اصطفاء - چننا - برگزیدہ کرنا۔ (صفو - مادہ)

فَخُذْ - پس لے (اَخْذٌ - پکڑنا - گرفت)

وَصَّيْنَا - ہم نے حکم دیا تاکید کی (تَوْصِيَةٌ - مصدر)

تَاَذَّنَ - اس نے اعلان کیا۔

لَشَدِيْدٌ - شدت والا سخت، مضبوط - قوی - بندھا ہوا (شَدّ - باندھنا)

تَرْجِمُوْا اِلَى الْأُرْدُوِيَّةِ مَا يَاْتِيْ :-

۱- وَسَيَجْزِي اللّٰهُ الشَّاكِرِيْنَ (۱۴۴/۳)

۲- كَذٰلِكَ نَجْزِي مَنْ شَكَرَ (۳۵/۵۴)

Marfat.com

۳- وَمَنْ شَكَرَ فَإِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهِ (۴۰/۲۷ ۲)

۴- وَإِنْ تَشْكُرُوا يَرْضَهُ لَكُمْ (۷/۳۹ ۵)

۵- وَاشْكُرُوا نِعْمَةَ اللهِ إِنْ كُنْتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ (۱۱۴/۱۶ ۱۴)

۶- وَاعْبُدُوهُ وَاشْكُرُوا لَهُ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ (۱۷/۲۹ ۱)

۷- فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ (۱۵۲/۲ ۱۸)

۸- كُلُوا مِنْ رِزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوا لَهُ (۱۵/۳۴ ۲)

۹- وَأَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ (۱۱/۹۳ ۱)

۱۰- قَالَ يَا مُوسَى إِنِّي اصْطَفَيْتُكَ عَلَى النَّاسِ بِرِسَالَاتِي وَبِكَلَامِي فَخُذْ مَا آتَيْتُكَ وَكُنْ مِنَ الشَّاكِرِينَ (۱۴۴/۷ ۱۷)

۱۱- وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ..... أَنِ اشْكُرْ لِي وَلِوَالِدَيْكَ (۱۴/۳۱ ۲)

۱۲- وَإِذْ تَأَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَأَزِيدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ إِنَّ عَذَابِي لَشَدِيدٌ (۷/۱۴ ۱)

۱۳- مَا يَفْعَلُ اللهُ بِعَذَابِكُمْ إِنْ شَكَرْتُمْ وَآمَنْتُمْ وَكَانَ اللهُ شَاكِرًا عَلِيمًا (۱۴۷/۴ ۲۰)

آٹھواں سبق

قدر دانی

عربی میں ترجمہ کرو:-

Marfat.com

۱۔ اور خدا تعالیٰ جلدی ہی اجر دے گا حق شناس لوگوں کو۔ (۱۴۴/۳ ۱۴۴)

۲۔ جو شکر کرتا ہے ہم اس کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں (۳۵/۵۴ ۱)

۳۔ اور جو شخص شکر کرتا ہے وہ اپنے ہی نفع کے لئے شکر کرتا ہے (۴۰/۲۷ ۲)

۴۔ اور اگر تم شکر کرو گے تو اس کو تمھارے لئے پسند کرتا ہے (۷/۳۹ ۵)

۵۔ اور اللہ کی نعمت کا شکر کرو اگر تم اس کی عبادت کرتے ہو (۱۱۴/۱۶ ۱۴)

۶۔ اور اس کی عبادت کرو اور اس کا شکر کرو اور تم سب کو اس کے پاس لوٹ کر جانا ہے (۱۷/۲۹ ۱)

۷۔ ان نعمتوں پر مجھ کو یاد کرو میں تم کو یاد رکھوں گا اور میری شکر گزاری کرو اور میری ناسپاسی مت کرو (۱۵۲/۲ ۱۸)

۸۔ اپنے رب کا رزق کھاؤ اور اس کا شکر کرو (۱۵/۳۴ ۱)

۹۔ اور اپنے رب کے انعامات کا تذکرہ کرتے رہیے (۱۱/۹۳ ۱)

۱۰۔ ارشاد ہوا کہ اے موسیٰ میں نے پیغمبری اور ہمکلامی سے اور لوگوں پر تم کو امتیاز دیا ہے تو جو کچھ تم کو میں نے عطا کیا ہے اس کو لو اور شکر کرو (۱۴۴/۷ ۱۶)

۱۲۔ اور ہم نے انسان کو اس کے ماں باپ کے متعلق تاکید کی ہے (۱۴/۳۱ ۱)

Marfat.com

۱۲۔ کہ تو میری اور اپنے ماں باپ کی شکرگذاری کیا کر (۱۴/۳۱ ۱)

۱۳۔ اور وہ وقت یاد کر جب کہ تمھارے رب نے تمکو اطلاع فرمادی کہ اگر تم شکر کرو گے تو تم کو زیادہ نعمت دوں گا۔ اور اگر تم ناشکری کروگے تو میرا عذاب بڑا سخت ہے (۱۴/۷ ۱)

۱۴۔ اللہ تعالیٰ تم کو سزا دے کر کیا کریں گے اگر تم سپاس گذاری کرو اور ایمان لے آؤ اور اللہ تعالیٰ بڑی قدر کرنے والے" خوب جاننے والے ہیں (۴/۱۴۷ ۲۰)

خلاصہ :۔

شکر قدردانی کو کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے جو عقل و علم، جسمانی قوی، مال و دولت، جاہ و منصب اور جو اثر و اقتدار مرحمت فرمایا ہے ان کی قدردانی اور شکرگزاری یہی ہے کہ جن اغراض کے لئے یہ چیزیں مرحمت فرمائی گئی ہیں ان ہی میں انکو صرف کیا جائے اور اللہ تعالیٰ ہی کو ان کا عطا فرمانے والا یقین کیا جائے۔ اس کے نتیجہ میں مولیٰ تعالیٰ نے ان نعمتوں کی زیادتی اور ان کا بہترین صلہ عطا فرمانے اور عذاب اور تکالیف سے محفوظ رکھنے کا وعدہ فرمایا ہے۔

Marfat.com

الدَّرسُ التَّاسِعُ

التَّوَکُّل

الألفاظ الصّعبة:

تَوَکَّلْ ۔ بھروسہ کر، سونپ دے۔   حَیٌّ ۔ زندہ ۔ صاحب حیات

حَسْبِیَ ۔ میرا کفایت کرنیوالا ۔   کَفٰی ۔ بس ۔ کفایت ۔ بس ہونا)

مَتَاب، توبۃ ۔ رجوع کرنا ۔ لوٹنا توبہ کرنا ۔   سُلطان ۔ غلبہ، دلیل، بادشاہت حاکم ۔

آذَیْتُمُوْنَا ۔ تم نے ہم کو تکلیف دی ۔ (ایذاء : تکلیف دینا ۔ آذی مادہ)   قَدَّرَ ۔ اندازہ ۔ تجویز کرنا ٹھیرانا ۔

تَرجِمُوا إلی الأُردویة ما یأتی :-

١۔ فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ (١٢٣/١١ ، ١٠)

٢۔ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيلًا (٨١/٤ ، ١٠)

٣۔ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوا إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ (٢٦/٥ ، ٣)

٤۔ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُونَ (٣٨/٣٩ ، ٣)

Marfat.com

۵- عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُونَ (۶۷/۱۲ ۸)

۶- قُلْ هُوَ رَبِّي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ
مَتَابِ (۳۰/۱۳)

۷- فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ
تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ (۱۲۹/۹ ۱۵)

۸- وَمَا لَنَا أَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدَانَا
سُبُلَنَا وَلَنَصْبِرَنَّ عَلَىٰ مَا آذَيْتُمُونَا وَعَلَى اللّٰهِ
فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُونَ (۱۲/۱۴ ۴)

۹- وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوتُ وَسَبِّحْ بِحَمْدِهِ
وَكَفَىٰ بِهِ بِذُنُوبِ عِبَادِهِ خَبِيرًا (۵۸/۲۵ ۴)

۱۰- إِنَّهُ لَيْسَ لَهُ سُلْطَانٌ عَلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَعَلَىٰ
رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ (۹۹/۱۶ ۱۲)

۱۱- فَإِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ
الْمُتَوَكِّلِينَ (۱۵۹/۳ ۱۶)

۱۲- وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهُ إِنَّ اللّٰهَ
بَالِغُ أَمْرِهِ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۳/۶۵ ۲

Marfat.com

نواں سبق

خدا پر بھروسہ

عربی میں ترجمہ کرو :-

۱- تو آپ اسی کی عبادت کیجئے اور اسی پر بھروسہ کیجئے (۱۲۳/۱۱ ۱)

۲- اور اللہ تعالیٰ کے حوالے کیجئے اور اللہ تعالی کافی کارساز ہے (۸۱/۴ ۱۰)

۳- اور اللہ پر نظر رکھو اگر تم ایمان رکھتے ہو (۲۳/۵ ۳)

۴- آپ کہہ دیجئے کہ میرے لئے خدا کافی ہے۔ توکل کرنے والے اسی پر توکل کرتے ہیں۔ (۳۸/۳۹ ۳)

۵- اسی پر بھروسہ رکھتا ہوں اور اسی پر بھروسہ رکھنے والوں کو بھروسہ رکھنا چاہیئے۔ (۶۷/۱۲ ۷)

۶- تو کہہ وہی رب میرا ہے کسی کی بندگی نہیں اس کے سوا اسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور اسی کی طرف آتا ہوں رجوع کرکے (۳۰/۱۳ ۴)

۷- پھر اگر روگردانی کریں تو آپ کہہ دیجئے کہ میرے لئے اللہ تعالیٰ کافی ہے۔ اس کے سوائے کوئی معبود ہونے کے لایق نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کرلیا اور وہ بڑے بھاری عرش کا مالک ہے (۱۲۹/۹ ۱۵)

۸- اور ہم کو اللہ پر بھروسہ نہ کرنے کا کون امر باعث ہو سکتا ہے

Marfat.com

حالانکہ اسی نے ہم کو ہمارے رستے بتلا دئے اور تم نے
جو کچھ ہم کو ایذا پہنچائی ہے ہم اس پر صبر کریں گے اور
اللہ ہی پر بھروسہ کرنے والوں کو بھروسہ رکھنا چاہیے ۱۲/۱۴ ۲
- اور اس حیّ لا یموت پر توکل رکھئے اور اسی کی تسبیح و تحمید
میں لگے رہئے اور وہ اپنے بندوں کے گناہوں سے کافی
خبردار ہے (۵۸/۲۵ ۴)
- یقیناً اس کا قابو ان لوگوں پر نہیں چلتا جو ایمان رکھتے ہیں
اور اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ (۹۹/۱۶ ۱۲)
- پھر جب آپ رائے پختہ کرلیں تو خدائے تعالیٰ پر اعتماد کیجئے
بے شک اللہ تعالیٰ اپنے اعتماد کرنے والوں سے محبت
فرماتے ہیں۔ (۱۵۸/۲۶ ۱۲)
۱۱- اور جو شخص اللہ پر توکل کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے
کافی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنا کام پورا کرکے رہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ
نے ہر شئی کا ایک اندازہ مقرر کر رکھا ہے ۳/۶۵ ۲

خلاصہ:

اللہ کی دی ہوئی قوتوں اور قابلیتوں کو صحیح طریقہ سے استعمال
کرنا اور نتائج کو اللہ ہی پر منحصر رکھنا اور تمام معاملات کو اسی کے
تفویض کر دینا توکل کہلاتا ہے۔ آیات ذیل میں تفہیم فرمائی گئی ہے

Marfat.com

ہمیشہ اللہ تعالیٰ ہی کی عبادت و اطاعت میں مصروف رہیں اسی پر ایمان بھروسہ اور رجوع کیا جائے۔ امر حق کی تکمیل میں جو تکلیفیں پیش آئیں ان کو برداشت کیا جائے۔ جب اللہ کے سوا کسی اور میں حیات، قیومیت، سلطنت، قدرت اور صفات کمال موجود نہیں ہیں تو اس کے سوا کوئی اور اس قابل ہی نہیں ہے کہ اس پر توکل کیا جائے۔ وہی ہر کام کی تکمیل فرمانے والا ہے۔ البتہ ہر چیز کا اندازہ اور وقت مقرر کر رکھا ہے۔ ممکن ہے کہ اس کا مقرر کردہ وقت تمہارے منشار اور مرضی کے خلاف ہو ایسی حالت میں خدا کی رحمت سے مایوس یا خدا کے احکام سے روگرداں نہ ہونا چاہیئے بلکہ ایک سچے مومن کی طرح خدا ہی پر بھروسہ رکھنا چاہیئے۔ ایسے ہی مسلمان کے لئے خدا نے مغفرت اور اجر عظیم کا وعدہ فرمایا ہے۔

Marfat.com

الدرس العاشر

الإخلاص

الألفاظ الصّعبة :-

مُخلِص - آمیزش سے پاک کرنے والا . کھرا سچا - (اخلاص - مصدر)

نُطعِمُكُم - ہم تمہیں کھلاتے ہیں (اطعام - کھلانا - طعام - کھانا)

نُسُکِی - میری عبادتیں .

مَحْیَایَ - میرا جینا . (حیاۃ - جینا زندگی مصدر ہے)

مَمَاتِی - موت ، مرنا .

لن ینالَ - وہ ہرگز نہیں پہنچے گا (نَیل - حاصل کرنا)

دِمَاء (دمٌ جمع) خون - لہو .

لسوف یَرضَی - ضرور آگے راضی ہو جائے گا

وَیلٌ - خرابی - افسوس - جہنم کی ایک وادی .

سَاھُون - بھول جانے والے (سَھْو - بھول جانا)

یُرَاءُونَ - وہ ریاکاری کرتے ہیں یا کریں گے . (مُراءاۃ - ایک دوسرے کو دکھانا - ریاءٌ - مادہ)

اِعْتَصَمُوا - انہوں نے پکڑ لیا - (اعتصام - چنگل مارنا - عصمت بچانا)

مَرْضَاۃ - خوشنودیاں -

أَتُحَاجُّونَنَا - کیا تم ہم سے جھگڑتے ہو

Marfat.com

(مُحاجة - آپس میں حجت کرنا) فِی اللّٰه - اللہ کے بارے میں۔

تَرجِمُوا إِلَى الأُردِيةِ مَا يأتِي :-

١- قُلْ إِنِّیٓ أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّیْنَ

٢- وَمَا تُنْفِقُوْنَ إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ (٢٧٢/٢ ٣٦)

٣- إِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَاءً وَّ لَا شُكُوْرًا۔ (٩/٧٦ ٢)

٤- قُلْ إِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْيَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ (١٦٢/٦ ١٩)

٥- وَأَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ (٢٩/٧ ٢)

٦- لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَاءُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ (٣٧/٢٢ ٤)

٧- إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْأَعْلٰى وَلَسَوْفَ يَرْضٰى (٢٠/٩٢ ١)

٨- وَمَا أُمِرُوْا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ (٥/٩٨ ١)

٩- فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ الَّذِيْنَ هُمْ يُرَاءُوْنَ وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ (٤+٥+٦/١٠٧ ١)

١٠- إِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَأَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ وَأَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَأُولٰٓئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ أَجْرًا عَظِيْمًا (١٤٦/٤ ٢٠)

Marfat.com

١١- وَمَنْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ أَجْرًا عَظِيْمًا (١١٤/٤ ١٦)

١٢- قُلْ أَتُحَآجُّوْنَنَا فِي اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ وَلَنَآ أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ أَعْمَالُكُمْ وَنَحْنُ لَهُ مُخْلِصُوْنَ (١٣٩/٢ ١٥)

دسواں سبق

بے لوثی

عربی میں ترجمہ کرو :-

١- آپ کہہ دیجئے کہ مجھ کو حکم ہوا ہے کہ میں اللہ کی اس طرح عبادت کروں کہ عبادت کو اس کے لئے خالص رکھوں ١١/٣٩ ١

٢- اور تم کسی غرض سے خرچ نہیں کرتے بجز رضا جوئی ذات پاک حق تعالیٰ کے (٢٧٢/٢ ٣٦)

٣- ہم تم کو محض خدا کی رضامندی کے لئے کھانا کھلاتے ہیں نہ ہم تم سے بدلہ چاہتے ہیں اور نہ شکریہ -(٩/٧٦ ٢)

٤- آپ فرما دیجئے کہ بالیقین میری نماز اور میری ساری عبادات اور میرا جینا اور میرا مرنا یہ سب خالص اللہ ہی کا ہے ١٦٣/٦ ١٩

٥- اور یہ کہ تم ہر سجدہ کے وقت اپنا رُخ سیدھا رکھا کرو اور اللہ کی عبادت اس طور پر کرو کہ اس عبادت کو خالص اللہ

Marfat.com

ہی کے واسطے رکھا کرو (۲۹/۷ ۲)

۶۔ اللہ تعالیٰ کے پاس نہ اُن کا گوشت پہنچتا ہے اور نہ اُن کا خون۔ لیکن اس کے پاس تمہارا تقویٰ پہنچتا ہے (۳۷/۲۲ ۴)

۷۔ اس کے ذمہ کسی کا احسان نہ تھا کہ اس کا بدلہ اتارنا ہو اور یہ شخص عنقریب خوش ہو جائیگا۔ (۲۰/۹۲ ۱)

۸۔ حالانکہ ان لوگوں کو یہی حکم ہوا تھا کہ اللہ کی اس طرح عبادت کریں کہ عبادت کو اسی کے لئے خالص رکھیں۔ (۵/۹۸ ۱)

۹۔ سو ایسے نمازیوں کے لئے بڑی خرابی ہے جو اپنی نماز کو بھلا بیٹھے ہیں، جو ایسے ہیں کہ ریا کاری کرتے ہیں اور زکوٰۃ بالکل نہیں دیتے (۴+۵+۶/۱۰۷ ۱)

۱۰۔ لیکن جو لوگ توبہ کرلیں اور اصلاح کرلیں اور اللہ تعالیٰ پر وثوق رکھیں اور اپنے دین کو خالص اللہ ہی کے لئے کیا کریں تو یہ لوگ مومنین کے ساتھ ہوں گے اور مومنین کو اللہ تعالیٰ اجر عظیم عطا فرمائیں گے۔ (۱۴۶/۴ ۲۰)

۱۱۔ اور جو شخص یہ کام کرے گا حق تعالیٰ کی رضا جوئی کے واسطے سو ہم اس کو عنقریب اجر عظیم عطا فرمائیں گے۔ (۱۱۴/۴ ۱۶)

۱۲۔ آپ فرما دیجئے کہ کیا تم لوگ ہم سے حجت کئے جاتے ہو۔ حق تعالیٰ کے معاملہ میں؛ حالانکہ وہ ہمارا اور تمہارا رب ہے اور ہم کو ہمارا کیا ملے گا اور تم کو تمہارا کیا ہوا ملیگا اور ہم نے

Marfat.com

صرف حق تعالیٰ کے لئے اپنے کو خالص کر رکھا ہے (۱۵ ۳۹/۲)

خلاصہ :-

آمیزش اور کھوٹ سے کسی چیز کو پاک کرنا اس شئے کی اصلی کیفیت کا ظاہر کرنا ہے۔ ان آیات میں ارشاد فرمایا گیا ہے کہ عبادت اور اطاعت الٰہی سے مقصود صرف اللہ ہی کی رضاجوئی ہو۔ انفاق و اطعام، نماز، روزہ، حج، قربانی، توبہ و اصلاح بحث و جدال۔ اعترافِ ربوبیتِ مولیٰ۔ مختصر یہ کہ مرنا اور جینا اللہ ہی کی خوشنودی کے لئے ہونا چاہیئے۔ اور قرآن کی اصطلاح میں یہی اخلاص ہے۔ اخلاص جو مومن کی شان ہے۔ اگر کوئی کام بھی ایسا کیا جائے جو اخلاص کے ساتھ نہ ہو تو وہ ریاکاری کہلائے گا جس کو خدا نے سخت ناپسند فرمایا ہے اس لئے مومن کو چاہیئے کہ وہ اپنا ہر کام خدا کے احکام کے تحت محض خدا کے لئے ہی کرے۔

Marfat.com

الدرسُ الحادِی عشَرَ

فی الصِّدق

الأَلفاظ الصَّعبَة:

قَدَمٌ - مرتبہ، درجہ، پاؤں -
اَقْدام - جمع)

صِدِّیق - بہت سچ کہنے والا -
مخلص ترین (صِدق - مادہ)

نَبِیٌّ - خبر دینے والا - پیغمبر
(نبأ - مادہ)

وَهَبْنَا - ہم نے عطا فرمایا (وَهَبَ
هِبَةٌ - بخشنا)

عَلِیٌّ - علو رفعت والا -

لَمْ يَرْتَابُوْا - انہوں نے شک
اور تذبذب سے کام نہیں لیا (ارتیاب
ڈگمگانا - رَیْبٌ - مادہ)

أَعْطٰی - اس نے عطا فرمایا -
اِعْطَاءٌ - بخشنا)

حُسْنٰی - اچھی چیز، نیکی - جنت،
مذہب اسلام - خوبصورت
عورت (اَحْسَنُ - مذکر)

فَسَنُيَسِّرُهٗ - پس اب عنقریب
ہم اس کو آسانی سے بہم پہنچادینگے
(تَیْسِیْرٌ - آسان ہونا - یُسْرٌ - مادہ

یُسْرٰی - آسان چیز - نیکی جنت
بایاں (اَیْسَرُ - مذکر)

مَثْوٰی - ٹھیرنے کی جگہ - قیامگاہ

لِيَكْفِرَ - تاکہ وہ علیحدہ کردے -

Marfat.com

آسْوَءُ - زیادہ بُرا -
مُسْلِمِیْنَ - مُسْلِمُوْنَ - اطاعت شعار (مُسْلِمٌ - واحد. (اسلامٌ گردن رکھ دینا - سِلم - صلح)
قَانِتِیْنَ - قَانِتُوْنَ - فرمانبرداری کرنے والے (قَانِتٌ - واحد - قُنُوْت - چپ چاپ رہنا)
مُتَصَدِّقَات - خیرات کرنے والیاں (مُتَصَدِّقَةٌ - واحد تَصَدُّق - مصدر)
صَائِمَات - روزہ دار عورتیں (صَائِمَةٌ - واحد - صَوْم - مادہ - رُکا رہنا - روزہ رکھنا)
فُرُوج - شرم گاہیں - شگاف - (فَرْجٌ - واحد -)
رِجَالٌ - مرد (جمع) رَجُلٌ - واحد
عَاهَدُوْا - انہوں نے اقرار کیا - (مُعَاهَدَةٌ - مصدر)
قَضٰی - ادا کیا - پورا کیا -
نَحْبٌ - میعاد (قَضٰی نَحْبَهٗ وہ مرگیا)
یُعَذِّبُ - وہ عذاب دیتا ہے یا دے گا . (تَعْذِیب - مصدر)
مُنَافِقِیْنَ - مُنَافِقُوْنَ - نفاق پیشہ لوگ - دل میں کچھ رکھنے والے اور زبان سے کچھ اور ظاہر کرنے والے. (نِفَاقٌ ومُنَافَقَةٌ - مصدر)
شَاءَ - اس نے چاہا. (مَشِیْئَة - چاہنا)

تَرْجِمُوْا اِلَی الْاُرْدُوِیَّةِ مَا یَأْتِی :-

١- یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ (٩/١١٩)
٢- وَبَشِّرِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ (١٠/٢)

Marfat.com

٣- وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ إِبْرٰهِيمَ إِنَّهُ كَانَ صِدِّيقًا نَبِيًّا (٤١/١٩ ٣)

٤- وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ إِسْمٰعِيلَ إِنَّهُ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ
وَكَانَ رَسُولًا نَبِيًّا - (٥٤/١٩ ٣)

٥- وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ إِدْرِيسَ إِنَّهُ كَانَ صِدِّيقًا نَبِيًّا (٥٦/١٩ ٣)

٦- وَوَهَبْنَا لَهُمْ مِنْ رَحْمَتِنَا وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ
عَلِيًّا (٥٠/١٩ ٣)

٧- إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ ثُمَّ
لَمْ يَرْتَابُوا وَجَاهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ فِي
سَبِيلِ اللَّهِ أُولٰئِكَ هُمُ الصَّادِقُونَ (١٥/٤٩ ٢)

٨- فَأَمَّا مَنْ أَعْطٰى وَاتَّقٰى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى فَسَنُيَسِّرُهُ
لِلْيُسْرٰى (٥+٦+٦/٩٢ ١)

٩- فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللَّهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ
إِذْ جَاءَهُ أَلَيْسَ فِي جَهَنَّمَ مَثْوًى لِلْكٰفِرِينَ - وَالَّذِي
جَاءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهِ أُولٰئِكَ هُمُ الْمُتَّقُونَ
- لَهُمْ مَا يَشَاءُونَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ذٰلِكَ جَزَاءُ الْمُحْسِنِينَ -
لِيُكَفِّرَ اللَّهُ عَنْهُمْ أَسْوَأَ الَّذِي عَمِلُوا وَيَجْزِيَهُمْ
أَجْرَهُمْ بِأَحْسَنِ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ (٣٢+٣٣+٣٤+٣٥/٣٩)

١٠- إِنَّ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنٰتِ
وَالْقٰنِتِينَ وَالْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِينَ وَالصّٰدِقٰتِ

Marfat.com

وَالصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰبِرٰتِ وَالْخٰشِعِيْنَ وَالْخٰشِعٰتِ وَ
الْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّائِمِيْنَ وَ
الصَّائِمَاتِ وَ الْحَافِظِيْنَ فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ
وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَ الذّٰكِرَاتِ أَعَدَّ اللّٰهُ
لَهُمْ مَغْفِرَةً وَّ أَجْرًا عَظِيْمًا (٣٥/٣٣ ٥)

١١- مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ
عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَ مِنْهُمْ مَنْ يَّنْتَظِرُ وَ
مَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا، لِيَجْزِيَ اللّٰهُ الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ
وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ إِنْ شَاءَ أَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ
إِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا (٢٣-٢٤/٣٣ ٢)

گیارھواں سبق

سچائی

١- اے ایمان والو اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ رہو۔ (١١٩/٩ ٤)

٢- اور جو ایمان لے آئے ان کو یہ خوشخبری سنائیے کہ ان کے رب کے پاس اس کو پورا مرتبہ ملے گا (٢/١٠ ١)

٣- اور اس کتاب میں ابراہیم کا ذکر کیجیے وہ بڑے راستی والے

پیغمبر تھے (۴۱/۱۹ - ۳)

۴- اور اس کتاب میں اسمٰعیل کا بھی ذکر کر دیجئے بلاشبہ وہ وعدے کے سچے تھے اور رسول بھی تھے نبی بھی تھے (۵۴/۱۹ - ۴)

۵- اور اس کتاب میں ادریس کا بھی ذکر کیجئے بے شک وہ بڑے راستی والے نبی تھے (۵۶/۱۹ - ۴)

۶- اور ان سب کو ہم نے اپنی رحمت کا حصّہ دیا اور ہم نے ان کا نام نیک اور بلند کیا (۵۰/۱۹ - ۳)

۷- پورے مومن وہ ہیں جو اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لائے پھر شک نہیں کیا اور اپنے مال اور جان سے خدا کے رستے میں محنت اٹھائی (۱۵/۴۹ - ۲)

۸- سو جس نے دیا اور اللہ سے ڈرا اور اچھی بات کو سچا سمجھا تو ہم اس کو راحت کی چیز کے لئے سامان دیدیں گے (۵+۶+۷/۹۲)

۹- سو اس شخص سے زیادہ بے انصاف کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹ باندھے اور سچی بات کو جب کہ اُس کے پاس پہنچی جھٹلا دے کیا جہنم میں ایسے کافروں کا ٹھکانہ نہ ہوگا۔ اور جو لوگ سچی بات لے کر آئے اور اُس کو سچ جانا تو یہ لوگ پرہیزگار ہیں وہ جو کچھ چاہیں گے ان کے لئے ان کے پروردگار کے پاس سب کچھ ہے یہ صلہ ہے نیکوکاروں .... کا تاکہ اللہ تعالیٰ ان سے ان کے بُرے عملوں کو دور کر دے اور ان کے نیک

Marfat.com

کاموں کے عوض ان کا ان کو ثواب دے۔ $\frac{۳۲+۳۳+۳۴}{۳۹}$ + $\frac{۳۵}{۴}$

۱۰۔ بے شک اسلام کے کام کرنے والے مرد اور اسلام کے کام کرنے والی عورتیں اور ایمان والے مرد اور ایمان لانے والی عورتیں اور فرمانبرداری کرنے والے مرد اور فرمانبرداری کرنے والی عورتیں اور راستباز مرد اور راستباز عورتیں اور صبر کرنے والے مرد اور صبر کرنے والی عورتیں اور خشوع کرنے والے مرد اور خشوع کرنے والی عورتیں اور خیرات کرنے والے مرد اور خیرات کرنے والی عورتیں اور روزہ رکھنے والے مرد اور روزہ رکھنے والی عورتیں اور اپنی شرم گاہ کی حفاظت کرنے والے مرد اور حفاظت کرنے والی عورتیں اور بکثرت خدا کے یاد کرنے والے مرد اور یاد کرنے والی عورتیں ان سب کے لئے اللہ تعالیٰ نے مغفرت اور اجرِ عظیم تیار کر رکھا ہے۔ $\frac{۳۵}{۳۳}$ ہ

۱۱۔ ان مومنین میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں کہ انہوں نے جس بات کا اللہ سے عہد کیا تھا اس میں سچے اُترے اور پھر بعضے تو ان میں وہ ہیں جو اپنی نظر پوری کر چکے اور بعضے ان میں مشتاق ہیں ذرا تغیر تبدل نہیں کیا یہ واقعہ اس لئے ہوا تاکہ اللہ تعالیٰ سچے مسلمانوں کو ان کے سچ کا صلہ دے اور منافقوں کو چاہے سزا دے یا چاہے اُن کو توبہ

Marfat.com

کی توفیق دے بے شک اللہ غفور رحیم ہے ۔ $\frac{۲۳+۲۴}{۳۳}$ ۳

خلاصہ

نیت عمل اور قول میں راستباز رہنا صدق کہلاتا ہے۔
ان آیات میں پرہیزگاری، ایمان، ایفائے عہد، مال اور نفس سے جہاد فی سبیل اللہ، تصدیق کتاب اللہ، اسلام و اطاعت، قنوت و فرمانبرداری۔ غرض تمام عقائد و اعمال کو صدق کی فہرست میں شریک فرمایا گیا ہے۔ اور حقیقی راستبازی یہی ہے کہ انسان ایمان اور عمل میں صادق رہے جس کے نتیجے میں مولیٰ تعالیٰ نے کامیابی اور ہر قسم کی فوز و فلاح کا وعدہ اور غیر صادق کو ناکامی اور عذاب کی وعید کا ذکر فرمایا ہے۔

Marfat.com

الدرس الثانی عشر

فی الصدق (ب)

الألفاظ الصعبة :-

قَدْ فَتَنَّا ۔ ہم نے آزمائش میں ڈالا ہے
(مصدر فِتْنَة)
لَيَعْلَمَنَّ ۔ وہ ضرور جان لینگے
عَفَا ۔ اس نے درگذر کیا (عَفْوٌ
درگزر کرنا)
أَذِنْتَ ۔ تو نے اجازت دی ۔
يَتَبَيَّنُ ۔ وہ ظاہر ہو جاتا ہے
یا ہو جائے گا (تَبَيَّنَ ۔ ظاہر ہونا
کھل جانا ۔)
هَبْ ۔ عطا کر (وَهَبَ وَهِبَةٌ
بخشنا ۔ عطیہ)
لِسَانَ صِدْقٍ ۔ ذکر خیر
سچائی کی زبان ۔
وَلَا صَدَّقَ ۔ اس نے تصدیق
نہیں کی، سچ نہیں جانا ۔
تَوَلّٰى ۔ اس نے روگردانی کی ۔ اعراض کیا ۔
يَتَمَطّٰى ۔ وہ اکڑتا ہے یا اکڑے گا
(تَمَطّٰى ۔ مصدر)
أَوْلٰى ۔ ویل اور خرابی ہو ۔
بَوَّأْنَا ۔ ہم نے جگہ دی (مُبَوَّأ ۔
جگہ ۔ مقام ۔ تَبْوِئَ ۔ جگہ مہیا کرنا)
مُدْخَلٌ ۔ داخل ہونے کی جگہ ۔
مُخْرَجٌ ۔ نکلنے کا مقام ۔
سُلْطَان ۔ دلیل ۔ غلبہ ۔

Marfat.com

عَذَاب۔ سزا۔ شیرینی کا نکل جانا۔

اَلِیْمٌ۔ دردناک۔

اَعَدَّ۔ اس نے مہیا کیا۔ (اِعْدَادٌ مصدر)

یَبْتَغُوْنَ۔ وہ چاہتے ہیں یا چاہ رہے ہیں (اِبْتِغَاءٌ۔ بُغْيَةٌ۔ بَغْيٌ۔ خواہش کرنا)

بِرٌّ۔ نیکی۔ کمال احسان۔ حسن سلوک

وُجُوْهٌ۔ چہرے۔ طریقے (وَجْهٌ واحد)

قِبَل۔ طرف۔ سمت۔

مَشْرِق۔ نکلنے کی جگہ

مَغْرِب۔ ڈوبنے کا مقام

مَلَائِكَةٌ۔ فرشتے (مَلَكٌ۔ واحد)

مَالٌ۔ دولت۔ مرغوب چیز۔

ذَوِیْ ذَوُوْ۔ ذُوْ کی جمع۔ اصحاب۔ والے

یَتٰمٰی۔ یتیم کی جمع۔ وہ بچہ جس کا باپ مرگیا ہو۔ تنہا۔ اکیلا۔

رِقَابٌ۔ (رَقَبَةٌ کی جمع) گردنیں۔

بَأْسَاءُ۔ سختی۔ تنگدستی۔ بأس۔ جنگ۔ قوت۔

تَرْجِمُوْا اِلَى الْاُرْدُوِيَّةِ مَا يَأْتِيْ :۔

۱۔ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ (۲۱/۴۷ ۲)

۲۔ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ (۳/۲۹ ۹)

۳۔ عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ (۴۳/۹ ۶)

۴۔ رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ (۸۳+۸۴/۲۶ ۴)

۵۔ فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى وَلٰكِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ثُمَّ ذَهَبَ

Marfat.com

إِلَى أَهْلِهِ يَتَمَطَّى ـ أَوْلَى لَكَ فَأَوْلَى ـ ثُمَّ أَوْلَى
لَكَ فَأَوْلَى (٣١+٣٢+٣٣+٣٤+٣٥ / ٧٥)

٦ـ (وَلَقَدْ بَوَّأْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ مُبَوَّأَ صِدْقٍ وَرَزَقْنَاهُم
مِنَ الطَّيِّبَاتِ) وَقُلْ رَبِّ أَدْخِلْنِي مُدْخَلَ صِدْقٍ وَأَخْرِجْنِي
مُخْرَجَ صِدْقٍ وَاجْعَلْ لِي مِنْ لَدُنْكَ سُلْطَانًا نَصِيرًا. (٨٠/١٧)

٧ـ لِيَسْأَلَ الصَّادِقِينَ عَنْ صِدْقِهِمْ وَأَعَدَّ لِلْكَافِرِينَ
عَذَابًا أَلِيمًا (٨/٣٣)

٨ـ قَالَ اللَّهُ هَٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصَّادِقِينَ صِدْقُهُمْ لَهُمْ
جَنَّاتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا رَضِيَ
اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ، ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ (١١٩/٥)

٩ـ لِلْفُقَرَاءِ الْمُهَاجِرِينَ الَّذِينَ أُخْرِجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ وَ
أَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِنَ اللَّهِ وَرِضْوَانًا وَيَنْصُرُونَ
اللَّهَ وَرَسُولَهُ أُولَٰئِكَ هُمُ الصَّادِقُونَ (٨/٥٩)

١٠ـ لَيْسَ الْبِرَّ أَنْ تُوَلُّوا وُجُوهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ
وَلَٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَالْمَلَائِكَةِ
وَالْكِتَابِ وَالنَّبِيِّينَ، وَآتَى الْمَالَ عَلَىٰ حُبِّهِ ذَوِي
الْقُرْبَىٰ وَالْيَتَامَىٰ وَالْمَسَاكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ وَالسَّائِلِينَ
وَفِي الرِّقَابِ، وَأَقَامَ الصَّلَاةَ وَآتَى الزَّكَاةَ وَالْمُوفُونَ
بِعَهْدِهِمْ إِذَا عَاهَدُوا وَالصَّابِرِينَ فِي الْبَأْسَاءِ

Marfat.com

وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَأْسِ، اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا
اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ (۱۷۷/۲ ۲۱)

بارھواں سبق

سچائی (ب)

۱- تو اگر یہ لوگ اللہ سے سچے رہتے تو ان کے لئے بہت ہی بہتر ہوتا (۲۱/۴۷ ۲)

۲- اور ہم تو ان لوگوں کو بھی آزما چکے ہیں جو ان سے پہلے ہو گذرے ہیں سو اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو جان کر رہے گا جو سچے تھے اور جھوٹوں کو بھی جان کر رہے گا۔ (۳/۲۹ ۹)

۳- اللہ تعالیٰ نے آپ کو معاف کردیا آپ نے ان کو اجازت کیوں دے دی تھی جب تک کہ آپ کے سامنے سچے لوگ ظاہر نہ ہوجاتے اور جھوٹوں کو معلوم نہ کر لیتے (۴۳/۹ ۶)

۴- اے میرے پروردگار مجھ کو حکمت عطا فرما اور مجھ کو نیک لوگوں کے ساتھ شامل فرما اور میرا ذکر آئندہ آنے والوں میں جاری رکھ (۸۴+۸۳/۲۶ ۴)

۵-ا- تو اس نے نہ تو تصدیق کی تھی اور نہ نماز پڑھی تھی (۳۱/۷۵ ۱)

۵-ب- لیکن تکذیب کی تھی منہ موڑا تھا (۳۲/۷۵ ۱)

Marfat.com

۵-ج- پھر نازکرتا ہوا اپنے گھر چلدیتا تھا (۳۳/۷۵ ۱)

۵-د- تیری کمبختی پر کمبختی آنے والی ہے (۳۴/۷۵ ۱)

۵-ہ- کیا انسان یہ خیال کرتا ہے کہ یوں ہی مہمل چھوڑ دیا جائے گا (۳۶/۷۵ ۱)

۶- اور کہہ اے رب داخل کر مجھ کو سچا داخل کرنا اور نکال مجھ کو سچا نکالنا تاکہ پوچھے اللہ سچوں سے ان کا سچ اور تیار رکھا ہے منکروں کے لئے دردناک عذاب (۸/۳۳ ۸)

۷- تاکہ ان سچوں سے ان کے سچ کی تحقیقات کرے اور کافروں کے لئے اللہ تعالیٰ نے دردناک عذاب تیار رکھا ہے (۸/۳۳)

۸- اللہ تعالیٰ ارشاد فرماویں گے کہ یہ وہ دن ہے کہ جو لوگ سچے تھے ان کا سچا ہونا ان کے کام آوے گا۔ ان کو باغ ملیں گے جن کے نیچے نہریں جاری ہونگی جن میں وہ ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ ان سے راضی اور خوش اور یہ اللہ تعالیٰ سے راضی اور خوش ہیں یہ بڑی بھاری کامیابی ہے (۱۱۹/۵ ۱۵)

۹- ان حاجتمند مہاجرین کا حق ہے جو اپنے گھروں سے اور اپنے مالوں سے جدا کر دئے گئے وہ اللہ تعالیٰ کے فضل اور رضامندی کے طالب ہیں اور وہ اللہ اور اس کے رسول کی مدد کرتے ہیں یہی لوگ سچے ہیں۔ (۸/۵۹ ۳)

۱۰- کچھ سارا کمال اسی میں نہیں کہ تم اپنا منھ مشرق کو کر لو

Marfat.com

یا مغرب کو لیکن کمال تو یہ ہے کہ کوئی شخص اللہ تعالیٰ پر یقین رکھے اور قیامت کے دن پر اور فرشتوں پر اور کتب پر اور پیغمبروں پر، اور مال دیتا ہو اللہ کی محبت میں رشتہ داروں کو اور یتیموں کو اور محتاجوں کو اور مسافروں کو اور سوال کرنے والوں کو اور گردن چھڑانے میں اور نماز کی پابندی رکھتا ہو اور زکوٰۃ بھی ادا کرتا ہو اور جو شخص اپنے عہدوں کو پورا کرنے والے ہوں جب عہد کرلیں اور وہ لوگ مستقل رہنے والے ہوں تنگدستی میں اور بیماری میں اور قتال میں۔ یہ لوگ سچے ہیں اور یہی لوگ ہیں جو متقی ہیں (۱۷۷/۲ ۲۱)

خلاصہ

(اس کا خلاصہ سبق (۱۱) میں ملاحظہ فرمالیا جائے)

Marfat.com

الدرس الثالث عشر

فی ایفاء العہد

الألفاظ الصّعبة:

عَھْدٌ - اقرار - ذمہ داری۔

مَسْئُولٌ - جس سے سوال کیا جائے۔ ذمہ دار - پوچھے جانے کے قابل۔

یُحِبُّ - وہ دوست رکھتا ہے یا رکھیگا (اِحْبَاب - مصدر چاہنا - پسند کرنا)

نَکَثَ - اس نے توڑ دیا - عہد شکنی کی

فَسَیُؤْتِیْهِ - پس وہ ضرور عطا کرے گا اس کو

لَمْ یَنْقُصُوْا - انہوں نے نہیں گھٹایا - اب تک کمی نہیں کی۔

لَمْ یُظَاهِرُوْا - انہوں نے ایک دوسرے کی اعانت نہیں کی (مُظَاهَرَة - مصدر)

اَتِمُّوْا - پورا کرو تم سب۔ (اِتْمَام - پورا کرنا)

نَقْضٌ - توڑنا -

مِیْثَاقٌ - باندھنا - معاہدہ کرنا۔

لَعَنَّا - ہم نے لعنت کی - ہم نے رحمت سے دور کر دیا۔

قَسِیَة - سخت۔

رَاعُوْنَ - رعایت کرنے والے نگہبان - (رَاعِی کی جمع)

Marfat.com

لَنَصَّدَّقَنَّ ۔ ہم ضرور صدقہ دینگے ، یقیناً ہم خرچ کرینگے۔ یُوْصَلُ ۔ وہ جوڑا جاتا ہے۔ یا جوڑا جائے گا۔

تَرْجِمُوْا اِلَی الْاُرْدُوِیَّۃِ مَا یَأْتِیْ :-

۱- وَبِعَهْدِ اللّٰهِ اَوْفُوْا (۱۸ $\frac{۱۵۳}{۶}$)

۲- اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُوْلًا (۲ $\frac{۳۴}{۱۷}$)

۳- يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ (۲۴ $\frac{۱}{۵}$)

۴- وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُوْلًا (۲ $\frac{۳۴}{}$)

۵- بَلٰى مَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ وَاتَّقٰى فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ

۶- فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ وَمَنْ اَوْفٰى

بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا (۴ $\frac{۱۰}{۲۸}$)

۷- اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ

شَيْئًا وَّلَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ اَحَدًا فَاَتِمُّوْۤا اِلَيْهِمْ

عَهْدَهُمْ اِلٰى مُدَّتِهِمْ (۱۰ $\frac{۴}{۹}$)

۸- وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا وَالصّٰبِرِيْنَ

فِى الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ اُولٰٓئِكَ

الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ (۲۱ $\frac{۱۷۷}{۲}$)

۹- فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ لَعَنّٰهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوْبَهُمْ

قٰسِيَةً (۲ $\frac{۱۳}{۵}$)

۱۰- وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ

Marfat.com

—أُولٰئِكَ هُمُ الْوَارِثُونَ – الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ (٢٣ ١٠+١١ / ٢٢)

١١- وَمِنْهُمْ مَنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰنَا مِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ

وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ – فَلَمَّا اٰتٰهُمْ مِنْ فَضْلِهٖ

بَخِلُوْا بِهٖ وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُعْرِضُوْنَ (٧٥+٧٦ / ٩ ٩)

١٢- وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ

مَا أَمَرَ اللّٰهُ بِهٖ أَنْ يُوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْأَرْضِ

أُولٰئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْءُ الدَّارِ (٢٥ / ١٣ ٢)

تیرھواں سبق

اقرار کا پورا کرنا

عربی میں ترجمہ کرو۔

١- اور اللہ تعالیٰ سے جو عہد کیا کرو اس کو پورا کیا کرو (١٥٣ / ٦ ١٨)

٢- بے شک عہد کی باز پرس ہونے والی ہے (٣٤ / ١٧ ٣)

٣- اے ایمان والو عہدوں کو پورا کرو (١ / ٥ ٢٢)

٤- اور عہد کو پورا کیا کرو بے شک عہد کی باز پرس ہونیوالی

ہے (٣٤ / ١٧ ٣)

٥- الزام کوئی نہ ہوگا جو شخص اپنے عہد کو پورا کرے اور اللہ تعالیٰ

Marfat.com

سے ڈرے تو بے شک اللہ تعالیٰ محبوب رکھتے ہیں متقیوں کو (۷ ۲۷/۳)

۶- پھر جو شخص عہد توڑے گا سو اس کے عہد توڑنے کا وبال اسی پر پڑے گا۔ اور جو شخص اس بات کو پورا کرے گا جس پر خدا سے عہد کیا ہے تو عنقریب خدا اس کو بڑا اجر دے گا (۱۰/۲۶)

۷- ہاں مگر وہ مشرکین مستثنیٰ ہیں جن سے تم نے عہد لیا۔ پھر انہوں نے تمہارے ساتھ ذرا کمی نہیں کی اور نہ تمہارے مقابلہ میں کسی کی مدد کی سو ان کے معاہدہ کو ان کی مدت تک پورا کر دو (۱۰ ۴/۹)

۸- اور جو اشخاص اپنے عہدوں کو پورا کرنے والے ہوں جب عہد کر لیں اور وہ لوگ مستقل رہنے والے ہوں تنگدستی میں اور بیماری میں اور قتال میں یہ لوگ ہیں جو سچے ہیں اور یہی لوگ ہیں جو متقی ہیں (۲۱ ۱۷/۲)

۹- تو صرف ان کی عہد شکنی کی وجہ سے ہم نے ان کو اپنی رحمت سے دور کر دیا اور ہم نے ان کے قلوب کو سخت کر دیا (۱۳/۵-۲)

۱۰- اور جو لوگ اپنی امانتوں اور اپنے عہدوں کا خیال رکھنے والے ہیں (۱۰ ۱/۲۳)

۱۰- ا- ایسے ہی لوگ وارث ہونے والے ہیں (۱۰/۲۳ ۱۰)

۱۰- ب- جو فردوس کے وارث ہوں گے اور اس میں ہمیشہ ہمیشہ

Marfat.com

رہیں گے۔ (۱۱/۲۳ ۱۰)

۱- اور ان میں بعض لوگ ایسے ہیں کہ خدا تعالیٰ سے عہد کرتے ہیں اگر اللہ تعالیٰ ہم کو اپنے فضل سے عطا فرما دے تو ہم خوب خیرات اور ہم خوب نیک کام کیا کریں (۵/۹ ۹)

۱۱- سو جب اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنے فضل سے دے دیا تو وہ اس میں بخل کرنے لگے اور عہد گردانی کرنے لگے (۶/۹ ۹)

۱۲- اور جو لوگ خدا تعالیٰ کے معاہدوں کو ان کی پختگی کے بعد توڑتے ہیں اور خدا تعالیٰ نے جن علاقوں کے قائم رکھنے کا حکم فرمایا ہے ان کو قطع کرتے ہیں اور دنیا میں فساد کرتے ہیں ایسے لوگوں پر لعنت ہوگی اور اس کے لئے اس جہان میں خرابی ہوگی۔ (۵/۱۳ ۲)

خلاصہ

اقرار کا پورا کرنا خواہ وہ بندوں سے کیا جائے یا اللہ سے یا انسان کی صورت نوعیہ اور عقل اس کی مقتضی ہو، اس کی تکمیل ایفائے عہد ہے، ان آیات میں پابندی عہد کی تاکید، وعدہ خلافی کی مذمت، نقض اقرار پہ عذاب شدید، نہ صرف مسلمانوں سے بلکہ مشرکین و کافرین سے بھی ایفائے عہد، تصدق صلح اور صلہ رحمی کرنے، بخل، فساد فی الارض سے محترز رہنے کی تاکید فرمائی گئی ہے ایفائے عہد کرنے والوں کی جزا فردوس اور ناقض عہد کی سزا

Marfat.com

لعنت، اللہ کی رحمت سے دوری اور ہر قسم کی اذیت ظاہر فرمائی گئی

الدرس الرابع عشر

الکذب

الألفاظ الصعبة:

كَفَّار۔ بڑا ناشکر گزار۔ ناشکرا — مُسَوَّدَةٌ۔ سیاہ کی ہوئی (مصدر اِسوِدَاد کالا کرنا)

مُسْرِفٌ۔ حد سے بڑھ جانیوالا۔ فضول خرچ۔ — تَصِفُ۔ تو بیان کرتا ہے یا وہ بیان کرے گی۔

اِجْتَنِبُوا۔ علیحدہ ہو جاؤ۔ پرہیز کرو — اَلْسِنَة۔ زبان (واحد۔ لِسَانٌ)

نَبْتَهِلُ۔ ہم عاجزی کرتے ہیں یا گڑگڑاتے ہیں۔ — لَاجَرَمَ۔ نہیں منقطع ہوا۔ یقیناً۔

مَثْوٰى۔ ٹھکانہ۔ ٹھہرنے کی جگہ۔

ترجموا الی الأردیة ما یأتی:۔

۱- اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِىْ مَنْ هُوَ كَاذِبٌ كَفَّارٌ ($\frac{۳}{۳۹}$ ۵)

۲- اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِىْ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ($\frac{۲۸}{۴۰}$ ۳)

۳- فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ ($\frac{۳۰}{۲۲}$ ۳)

Marfat.com

۔ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ (۶۰/۳)

۔ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ (۲/۱)

۔ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ (۲۷/۴۵)

۔ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَرَى الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ
مُّسْوَدَّةٌ (۶۰/۳۹)

۔ وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ وَتَصِفُ أَلْسِنَتُهُمُ
الْكَذِبَ أَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰى لَا جَرَمَ أَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَأَنَّهُمْ
مُّفْرَطُوْنَ (۶۲/۱۶)

۔ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ
إِذْ جَاءَهُ أَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ (۳۲/۳۹)

چودھواں سبق

جھوٹ

عربی میں ترجمہ کرو :-

۱۔ اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو راہ پر نہیں لاتا جو جھوٹا اور کافر ہو (۳/۳۹)

۲۔ اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو مقصود تک نہیں پہنچاتا جو حد سے گذر جانے والا، بہت جھوٹ بولنے والا ہو۔ (۲۸/۴۰)

۳۔ تم لوگ گندگی سے یعنی بتوں سے کنارہ کش رہو اور جھوٹی بات سے کنارہ کش رہو (۳۰/۲۲ ۳)

۴۔ پھر ہم خوب دل سے دعا کریں اس طور پر کہ اللہ کی لعنت بھیجیں ان پر جو حق پر نہوں۔ (۶۱/۳ ۵)

۵۔ اور ان کے لئے دردناک سزا ہے اس وجہ سے کہ وہ جھوٹ بولا کرتے تھے۔ (۲/۱۰ ۱)

۶۔ اور جس روز قیامت ہوگی اس روز اہل باطل خسارہ میں پڑیں گے (۲۷/۴۵ ۳)

۷۔ اور آپ قیامت کے روز ان لوگوں کے چہرے سیاہ دیکھیں گے جنھوں نے خدا پر جھوٹ بولا تھا (۶۰/۳۹ ۵)

۸۔ اور اللہ تعالیٰ کے لئے وہ امور تجویز کرتے ہیں جن کو خود ناپسند کرتے ہیں اور اپنی زبان سے جھوٹے دعوے کرتے جاتے ہیں کہ ان کے لئے ہر طرح کی بھلائی ہے لازمی بات ہے کہ ان کے لئے دوزخ ہے اور بے شک وہ لوگ سب سے پہلے بھیجے جائیں گے۔ (۶۲/۱۶ ۷)

۹۔ سو اس شخص سے زیادہ بے انصاف کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹ باندھے اور سچی بات کو جب کہ وہ اس کے پاس پہنچی جھٹلائے۔ کیا جہنم میں ایسے کافروں کا ٹھکانہ نہ ہوگا (۳۲/۳۹ ۳)

Marfat.com

خلاصہ :-

قلب، اعضا اور اقوال میں ناراستی کا اظہار کذب اور دروغ ہے۔ ان آیات میں کفر، اسراف، افراط، بت پرستی دروغ گوئی، صدق مجسم یعنی کلام الٰہی کے جھٹلانے کو اور اس کے خلاف عمل کرنے کو کذب سے تعبیر فرمایا گیا ہے کاذب اور جھوٹے کی سزا لعنت۔ اللہ کی رحمت سے دوری جہنم، بے اطمینانی اور ہر قسم کی تکلیف اور عدم ہدایت ظاہر فرمائی گئی ہے۔

Marfat.com

الدرس الخامس عشر

الافتراء

الألفاظ الصعبة:

خاب - وہ ناکام ہوا۔ (خَیْبَةٌ ناکامی)

اِفْتَرىٰ - اس نے گھڑا، تہمت لگائی (اِفتراءٌ - مصدر)

یُضِلُّ - وہ گمراہ کرتا ہے۔ یا بھٹکائے گا (اِضلال - مصدر)

اِثْمٌ - گناہ (آثام - جمع)

أشهاد - گواہ (شاهِدٌ - واحد)

مَتاعٌ - عارضی طور پر فائدہ اٹھانا سازوسامان (اَمْتِعَة جمع)

نُذِيقُ - ہم چکھاتے ہیں یا چکھائیں گے (اِذاقة - مصدر)

ثَمَنٌ - قیمت (اَثمان - جمع)

غَمَرات - سختیاں - سکرات۔ (غَمْرَةٌ - واحد)

خَطِيئَةٌ - گناہ - غلطی - چوک (خطایا - جمع)

يَرْمِي - وہ پھینکتا ہے - تہمت لگاتا ہے۔

بريءٌ - علیحدہ - بے گناہ۔

اِحْتَمَلَ - اس نے اٹھایا۔ (اِحتمال - مصدر)

بُهتانٌ - تہمت - الزام۔

مُبِين - کھلا ہوا - ظاہر کرنے والا

Marfat.com

(اِبَانَةٌ - ظاہر کرنا)

مُحْصَنٰت - محفوظ عورتیں۔ پاک دامن عورتیں۔ (مُحْصَنَةٌ واحد) اِحْصَان - قلعہ بند ہونا محفوظ کرنا - پاکدامن ہونا۔)

غافلات - بے خبر اور ناواقف عورتیں (غافلۃ. واحد بھولی)

تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ - ان کے خلاف گواہی دیں گی۔ (شهد لہ اس نے اس کی تائید میں گواہی دی اور شهد علیہ اس کے خلاف گواہی دی)

يُوَفِّيهِمْ - وہ ان کو پورا پورا دے گا۔

ترجموا الی الأردوية ما يأتي :-

۱- وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرَىٰ . (۶۱/۲۰ ۴)

۲- فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا (۱۵/۱۲ ۲)

۳- فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا لِيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ (۴۵/۶ ۱۷)

۴- أُنْظُرْ كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَكَفَىٰ بِهِ إِثْمًا مُبِينًا (۵۰/۴ ۷)

۵- فَمَنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ فَأُولٰئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ (۹۴/۳ ۳۹)

۶- وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا أُولٰئِكَ يُعْرَضُوْنَ عَلَىٰ رَبِّهِمْ وَيَقُوْلُ الْأَشْهَادُ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَىٰ رَبِّهِمْ أَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى

Marfat.com

الظّٰلِمِيْنَ (٦/٢١)

٧- قُلْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ
— مَتَاعٌ فِى الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيْقُهُمُ
الْعَذَابَ الشَّدِيْدَ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ (١٠/٦٩-٧٠)

٨- فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ بِاَيْدِيْهِمْ ثُمَّ
يَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا بِهٖ ثَمَنًا
قَلِيْلًا فَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا كَتَبَتْ اَيْدِيْهِمْ وَوَيْلٌ
لَّهُمْ مِّمَّا يَكْسِبُوْنَ . (٢/٧٩)

٩- وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هٰذَا
حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ
اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ
— مَتَاعٌ قَلِيْلٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (١٦/١١٦-١١٧)

١٠- اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ
مِّنْ رَّبِّهِمْ وَذِلَّةٌ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَكَذٰلِكَ
نَجْزِى الْمُفْتَرِيْنَ (٧/١٥٢)

١١- وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ قَالَ
اُوْحِىَ اِلَىَّ وَلَمْ يُوْحَ اِلَيْهِ شَىْءٌ وَّمَنْ قَالَ
سَاُنْزِلُ مِثْلَ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَوْ تَرٰى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ
فِىْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰئِكَةُ بَاسِطُوْا اَيْدِيْهِمْ

Marfat.com

أَخْرِجُوْا أَنْفُسَكُمْ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ
بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ
اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ (۹۳)

۱۲۔ وَمَنْ يَّكْسِبْ خَطِيْٓئَةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ يَرْمِ بِهٖ
بَرِيْٓئًا فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا (۱۱۲/۴)

۱۳۔ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ
بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا
مُّبِيْنًا (۵۸/۳۳)

۱۴۔ اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ
لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ
ــ يَّوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ وَاَيْدِيْهِمْ
وَاَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ــ يَوْمَئِذٍ يُّوَفِّيْهِمُ
اللهُ دِيْنَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللهَ هُوَ الْحَقُّ
الْمُبِيْنُ (۲۵+۲۴+۲۳/۲۴)

پندرھواں سبق

بہتان

عربی میں ترجمہ کرو :۔

Marfat.com

۱- اور جو بہتان باندھتا ہے وہ ناکام رہتا ہے ۔ (۶۱/۲۰ ۴)

۲- تو اس شخص سے زیادہ غضب ڈھانے والا نہ ہوگا جو اللہ پر جھوٹ تہمت لگائے ۔ (۱۵/۱۸ ۲)

۳- تو اس سے زیادہ کون ظالم ہوگا جو اللہ تعالیٰ پر بلا دلیل جھوٹ تہمت لگائے تاکہ لوگوں کو گمراہ کرے (۱۴۵/۶ ۱۷)

۴- دیکھ تو یہ لوگ اللہ پر کیسی جھوٹی تہمت لگاتے ہیں اور یہی بات صریح مجرم ہونے کے لئے کافی ہے (۵۰/۴ ۷)

۵- سو جو شخص اس کے بعد اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بات کی تہمت لگائے سو ایسے لوگ بڑے بے انصاف ہیں (۹۴/۳ ۹)

۶- اور ایسے شخص سے زیادہ کون ظالم ہوگا جو اللہ پر بہتان باندھے ۔۔ ایسے لوگ اپنے رب کے سامنے پیش کیے جائیں گے اور گواہ (فرشتے) یوں کہیں گے کہ یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے اپنے رب کی نسبت جھوٹی باتیں لگائی تھیں ۔ سب سُن لو کہ ایسے ظالموں پر خدا کی لعنت ہے، ۱۸/۱۱ ۲

۷- آپ کہدیجئے کہ جو لوگ اللہ پر جھوٹ افترا کرتے ہیں وہ کامیاب نہ ہوں گے ۔ یہ دنیا میں تھوڑا سا عیش ہے پھر ہمارے ہی پاس انکو آنا ہے پھر ہم ان کے کفر کے بدلے سزائے سخت چکھائیں گے (۶۹-۷۰/۱۰ ۷)

۸- تو بڑی خرابی ان کی ہوگی جو لکھتے ہیں کتاب کو اپنے ہاتھوں

سے پھر کہہ دیتے ہیں کہ یہ خدا کی طرف سے ہے، غرض یہ ہوتی ہے کہ اس ذریعہ سے کچھ نقد قدرے قلیل وصول کرلیں، سو بڑی خرابی آوے گی ان کو اس کی بدولت جس کو ان کے ہاتھوں نے نہ کیا تھا۔ اور بڑی خرابی ہوگی ان کو اس کی بدولت جس کو وہ وصول کرلیا کرتے تھے (۷۹/۲ ۹)

۹- اور جن چیزوں کے بارے میں محض تمہارا جھوٹا زبانی دعویٰ ہے انکی نسبت یوں مت کہہ دیا کرو فلانی چیز حلال ہے اور فلانی چیز حرام ہے جس کا حاصل یہ ہوگا کہ اللہ پر جھوٹی تہمت لگا دوگے۔ بلاشبہ جو لوگ اللہ پر جھوٹ لگاتے ہیں وہ فلاح نہ پائیں گے پہلے چند روزہ عیش ہے اور ان کے لئے دردناک سزا ہے۔ (۱۱۶-۱۱۷/۱۶ ۱۵)

۱۰- جن لوگوں نے گوسالہ پرستی کی ہے ان پر بہت جلد ان کے رب کی طرف سے غضب اور ذلت اس دنیاوی زندگی ہی میں پڑیں گی اور ہم افتراء پردازوں کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں (۱۵۲/۷ ۱۸)

۱۱- اور اس شخص سے زیادہ کون ظالم ہوگا جو اللہ پر جھوٹ تہمت لگائے یا یوں کہے کہ مجھ پر وحی آتی ہے حالانکہ اس کے پاس کسی بات کی بھی وحی

Marfat.com

نہیں آتی اور جو شخص کہ یوں کہے کہ جیسا کلام اللہ
تعالیٰ نے نازل کیا ہے اسی طرح کا میں بھی لاتا
ہوں ۔ اور اگر آپ اس وقت دیکھیں جب کہ یہ ظالم
لوگ موت کی سختیوں میں ہوں گے اور فرشتے اپنے
ہاتھ بڑھا رہے ہوں گے ۔ ہاں اپنی جانیں نکالو آج
تم کو ذلت کی سزا دی جائے گی اس سبب سے کہ تم
اللہ تعالیٰ کے ذمہ جھوٹی باتیں بکتے تھے اور تم اللہ تعا
کی آیات سے استکبار کرتے تھے ۔ (۹۳/۶ ۱۱)

۱۲ - اور جو شخص کوئی چھوٹا گناہ کرے یا بڑا گناہ اور پھر
اس کی تہمت کسی بے گناہ پر لگا دے ۔ اس نے
تو بڑا بھاری بہتان اور صریح گناہ اپنے اوپر لادا (۱۱۱/۴ ۱۲)

۱۳ - اور جو لوگ ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کو
بدون اس کے کہ انھوں نے کچھ کیا ہو ایذا پہنچائیں تو وہ
لوگ بہتان اور صریح گناہ کا بار لیتے ہیں (۵۷/۳۳ ۷)

۱۴ - جو لوگ تہمت لگاتے ہیں ان عورتوں کو جو پاکدامن
ہیں جو ایسی باتوں سے بے خبر ہیں - ایمان والیاں
ہیں ملن پر دنیا اور آخرت میں لعنت کی جاتی ہے
اور ان کو بڑا عذاب ہوگا جس روز انکے خلاف میں
ان کی زبانیں گواہی دینگی اور ان کے ہاتھ اور ان کے

Marfat.com

پاؤں بھی ان کاموں کی جو کہ یہ لوگ کیا کرتے تھے۔ اور اس روز اللہ تعالیٰ ان کو ان کا واجبی بدلہ پورا پورا دے گا اور ان کو معلوم ہو گا کہ اللہ ہی ٹھیک فیصلہ کرنے والا ہے۔ بات کو کھول دینے والا ہے۔ (۲۳-۲۴-۲۵ / ۲۴)

خلاصہ:۔

کسی پر جھوٹ تہمت اور بہتان باندھنے کو افترا کہتے ہیں۔ ان آیات میں ہدایت فرمائی گئی ہے کہ سب سے بڑا افترا اللہ پر جھوٹی باتوں کا منسوب کرنا اور غیر شرعی اور ایسی چیزوں کو جن کا حکم قرآن نے نہیں دیا ہے احکام الٰہی قرار دینا ہے ان اصحاب کی بھی مذمت فرمائی گئی ہے جو اپنی مزعومات کو اوامر الٰہی اور وحی الٰہی قرار دیتے ہیں حالانکہ ان پر اس کی وحی نہیں کی گئی ہے۔ تحلیل حرام اور تحریم حلال، گوسالہ پرستی اور غیر اللہ کی معبودیت کو بھی اسی کی ایک شاخ قرار دیا گیا ہے۔ ایذائے مومنین و مومنات اور پاکدامن مردوں اور عورتوں پر تہمت لگانا بھی افترا میں داخل ہیں۔ انکی سزا غضب رب ذلت و رسوائی سکرات موت کی شدت اور دنیا و آخرت میں لعنت اور رحمت سے دوری قرار دی گئی ہے اور آئے دن ہر شخص اس کا مشاہدہ کر رہا ہے۔

Marfat.com

الدرس السادس عشر

القولُ بغير عمل

الألفاظ الصّعبة :

تَنْسَوْنَ - تم بھول جاتے ہو یا فراموش کر جاؤ گے (نِسیان ہو لنا مصدر ہے)

أنفُسَكُمْ - تمہاری جانیں - (نفس - واحد)

مَقْتٌ - ناراضی -

مُخَلَّفُوْنَ - پیچھے رہے ہوئے (مُخَلَّف - واحد - تخلیف پیچھے چھوڑ دینا)

شَغَلَتْنَا - اس نے ہم کو مصروف رکھا - کام میں لگا دیا

شُعَرَاءُ (شاعر کی جمع) شعر کہنے والے نظم کرنے والے - سمجھنے والے

يَتَّبِعُهُمْ - وہ ان کی پیروی کرتا ہے (اتباع - پیچھے پیچھے چلنا

غَاوُوْنَ - (غاوی کی جمع) لٹکے ہوئے - بدی کی ترغیب دینے والے (غوایۃ - گمراہ ہونا)

وَادِي - گھاٹی - نالہ (أودیۃ جمع)

يَهِيمُوْنَ - وہ گھومتے ہیں یا گھومیں گے (یھیم - واحد بھٹکتا ہے)

اِنْتَصَرُوْا - انہوں نے بدلہ لیا (اِنتصار - انتقام)

Marfat.com

آیُّ ۔ کون　　　لَا تَحْسَبَنَّ ۔ ہرگز گمان نہ کر کبھی نہ سمجھ

مَفَازَۃٌ ۔ کامیابی ۔ علیحدگی

ترجموا الی الأردویۃ ما یأتی:

۱۔ أَتَأْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ أَنْفُسَكُمْ وَأَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ أَفَلَا تَعْقِلُوْنَ (۲/۴۴)

۲۔ يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۔ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ أَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ (۶۱/۲)

۳۔ سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْأَعْرَابِ شَغَلَتْنَا أَمْوَالُنَا وَأَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا يَقُوْلُوْنَ بِأَلْسِنَتِهِمْ مَا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ قُلْ فَمَنْ يَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا إِنْ أَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا أَوْ أَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا، بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا (۴۸)

۴۔ وَالشُّعَرَاءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوُوْنَ ۔ أَلَمْ تَرَ أَنَّهُمْ فِيْ كُلِّ وَادٍ يَهِيْمُوْنَ ۔ وَأَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ ۔ إِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا وَانْتَصَرُوْا مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا أَيَّ مُنْقَلَبٍ يَنْقَلِبُوْنَ ۲۲۴ ۔ ۲۲۵ ۔ ۲۲۶ / ۲۶

۵۔ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ بِمَا أَتَوْا وَيُحِبُّوْنَ أَنْ يُحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِنَ الْعَذَابِ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ (۳/۱۹)

Marfat.com

سولہواں سبق

قولِ بے عمل

عربی میں ترجمہ کرو:

۱- کیا غضب ہے کہ کہتے ہو اور لوگوں کو نیک کام کرنے کو اور اپنی خبر نہیں لیتے حالانکہ تم تلاوت کرتے رہتے ہو کتاب کی تو پھر کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے (۱/۲ ۴۴ھ)

۲- اے ایمان والو ایسی بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں ہو۔ خدا کے نزدیک یہ بات بہت ناراضی کی ہے کہ ایسی بات کہو جو کرو نہیں (۲/۶۱ ۵)

۳- جو دیہاتی پیچھے رہ گئے وہ عنقریب آپ سے کہیں گے کہ ہم کو ہمارے مال اور عیال نے فرصت نہ لینے دی سو ہمارے لئے معافی کی دعا کر دیجئے۔ یہ لوگ اپنی زبان سے وہ باتیں کہتے ہیں جو ان کے دل میں نہیں ہیں۔ آپ کہہ دیجئے کہ وہ کون ہے جو خدا کے سامنے تمہارے لئے کسی چیز کا اختیار رکھتا ہو اگر اللہ تعالیٰ تم کو کوئی نقصان یا نفع پہنچانا چاہے بلکہ اللہ تعالیٰ تمہارے سب

Marfat.com

اعمال پر مطلع ہے (۱۱/۴۸ ۲)

۴۔ اور شاعروں کی راہ تو بے راہ لوگ چلا کرتے ہیں۔ اے مخاطب! کیا تم کو معلوم نہیں کہ وہ لوگ ہر میدان میں حیران پھرا کرتے ہیں اور زبان سے وہ باتیں کہتے ہیں جو کرتے نہیں۔ ہاں مگر جو لوگ ایمان لائے اور کام کرتے رہے اور انہوں نے کثرت سے اللہ کا ذکر کیا اور انہوں نے بعد اس کے کہ ان پر ظلم ہو چکا ہے بدلہ لیا اور عنقریب ان لوگوں کو معلوم ہو جائے گا جنہوں نے ظلم کر رکھا ہے کہ کیسی جگہ ان کو لوٹ کر جانا ہے

(۱۱ ۲۲۶-۲۲۵-۲۲۴/۱۶)

۵۔ جو لوگ ایسے ہیں کہ اپنے کردار پر خوش ہوتے ہیں اور جو کام نہیں کیا اس پر چاہتے ہیں کہ ان کی تعریف ہو ایسے شخصوں کو ہرگز ہرگز مت خیال کرو کہ وہ خاص طور سے عذاب سے بچاؤ میں رہیں گے اور ان کو دردناک سزا ہوگی (۱۹ ۱۸۸/۳)

خلاصہ:۔

اگرچہ اچھا کام نہ کرنا بری بات ہے لیکن کسی اچھے کام کو نہ کرکے خود کو اس کا عامل اور اس سے متصف قرار

Marfat.com

دینا بھی بہت بُرا ہے۔ ان آیات میں غیروں کو نیکی کا حکم دے کر خود صالح نہ ہونے اور اپنے آپ کو بھول جانے کی مذمت فرمائی گئی ہے اور تاکید کی گئی ہے کہ جو کچھ کہا جائے اس پر عمل کیا جائے مال و اولاد میں مصروفیت کے حیلہ سے جہاد فی سبیل اللہ میں عدم شرکت کو ناپسندیدہ قرار دیا گیا ہے۔ الٰہی نعمتوں پر اِترا کر اُن عطیوں کو صحیح مقامات پر صرف نہ کرنا اور ممدوح بننے کی تمنا میں رہنا بُرا بتلایا ہے۔ خصوصاً ایسے شعرا کی بھی جن کا مقصود شعر سے ایمان، عمل صالح اور ذکرِ الٰہی نہ ہو مذمت کیگئی ہے۔ اور ان کو اندھا دھند بھٹکنے والے بتلایا ہے اور قول بلا عمل کی سزا دینا اور آخرت میں دردناک عذاب ظاہر فرمایا گیا ہے۔ جس پر اللہ تعالیٰ ہر وقت قادر ہے۔

Marfat.com

الدرسُ السّابعُ عشَرَ

المُراءاۃ

الأَلفاظ الصّعبة :۔

رِیاءٌ ومُراءاۃٌ ۔ ریاکاری، لوگوں کو دکھانے کیلئے کام کرنا۔

مُصَلِّین ۔ مُصلّون (واحد مصلّی) نماز پڑھنے والے

ساھُوْن (ساھی کی جمع)۔ بھول جانیوالے ۔ بے خبر۔

أَ تُعَلِّمُوْنَ :۔ کیا تم سکھاتے ہو یا مطلع کروگے (تعلیم سکھانا مصدر ہے)

بَطَرًا ۔ اکڑتے ہوئے

یَصُدُّوْنَ ۔ وہ روکتے ہیں یا روکیں گے (صدٌّ ۔ روکنا)

مُنَافقین ۔ منافقون ۔ دل میں کچھ اور زبان پر کچھ رکھنے والے (نفاق ومُنافقة ایسے امور کا اظہار کرنا جو دل میں نہ ہوں)

یُخَادِعُوْنَ ۔ وہ دھوکہ دیتے ہیں یا دیں گے (خداع و مخادعةٌ ۔ ایک دوسرے کو دھوکہ دینا)

کُسَالیٰ (واحد کسلان) سستی کرنے والے

مُختالٌ ۔ ناز سے چلنے والا ۔ (اِختیالٌ ۔ مصدر اکڑ کر چلنا ۔ ناز سے چلنا)

Marfat.com

فَخُوْرًا - بہت شیخی کرنیوالا -   مَنٌّ - احسان کرنا -
فَسَاءَ قَرِیْنًا - پس وہ بہت   أَذًی - تکلیف پہنچانا.
ہی برا ساتھی ہے -   صَفْوَانٌ - سخت پتھر.
شَیْطَانٌ - رحمت سے دور   صَلْدًا - چکنا پتھر
ہونے والا، مکر کرنیوالا، بہت   وَابِلٌ - زور کی بارش.
غضبناک -

ترجموا الی الأردویة ما یأتی :-

١- فَوَیْلٌ لِّلْمُصَلِّیْنَ ـــ الَّذِیْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ
سَاهُوْنَ ـــ الَّذِیْنَ هُمْ یُرَآءُوْنَ (٤-٥-٦/١٠٧)

٢- قُلْ أَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِیْنِکُمْ، وَاللّٰهُ یَعْلَمُ مَا فِی
السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْأَرْضِ، وَاللّٰهُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ (١٦/٤٩)

٣- وَلَا تَکُوْنُوْا کَالَّذِیْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ بَطَرًا
وَّرِئَآءَ النَّاسِ وَیَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ (٤٧/٨)

٤- اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ یُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ وَاِذَا
قَامُوْا اِلَی الصَّلٰوةِ قَامُوْا کُسَالٰی، یُرَآءُوْنَ النَّاسَ
وَلَا یَذْکُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِیْلًا (١٤٢/٤)

٥- اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ مَنْ کَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرًا ـ الَّذِیْنَ
یَبْخَلُوْنَ ـــ وَالَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَآءَ
النَّاسِ وَلَا یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَنْ

Marfat.com

يَكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا فَسَآءَ قَرِيْنًا (۳۶-۳۷-۳۸ ۶)

۶- يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ
وَ الْاَذٰى كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا
يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ
صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا
لَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْا (۲۶۴/۲ ۳۶)

سترھواں سبق

ریاکاری

عربی میں ترجمہ کرو:-

۱- سو ایسے نمازیوں کے لئے بڑی خرابی ہے جو اپنی نماز
کو بھلا بیٹھتے ہیں جو ایسے ہیں کہ ریاکاری کرتے ہیں
(۴-۵-۶/۱۰۷)

۲- آپ فرما دیجئے کہ کیا خدا تعالیٰ کو اپنے دین کی خبر دیتے
ہو۔ حالانکہ اللہ کو تو سب آسمان و زمین کی سب چیزوں
کی خبر ہے اور اللہ سب چیزوں کو جانتا ہے (۱۶/۴۹ ۲)

۳- اور ان لوگوں کے مشابہ مت ہونا کہ جو اپنے گھروں

سے اتراتے ہوئے اور لوگوں کو دکھلاتے ہوئے نکلتے اور لوگوں کو اللہ کے رستے سے روکتے تھے (۶ ۴۷/۸)

۴۔ بلاشبہ منافق لوگ چالبازی کرتے ہیں اللہ سے، حالانکہ اللہ تعالیٰ اس چال کی سزا ان کو دینے والے ہیں اور جب نماز کو کھڑے ہوتے ہیں تو بہت ہی کاہلی کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں۔ صرف آدمیوں کو دکھلاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا ذکر بھی نہیں کرتے مگر بہت ہی مختصر (۲۱ ۱۴۲/۴)

۵۔ بے شک اللہ تعالیٰ ایسے شخصوں سے محبت نہیں رکھتے جو اپنے کو بڑا سمجھتے ہوں جو کہ بخل کرتے ہوں اور دوسرے لوگوں کو بھی بخیلی کی تعلیم دیتے ہوں اور وہ اس چیز کو پوشیدہ رکھتے ہوں جو اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنے فضل سے دی ہے اور ہم نے ایسے ناسپاسوں کے لئے اہانت آمیز سزا تیار کر رکھی ہے اور جو لوگ اپنے مالوں کو لوگوں کے دکھلانے کے لئے خرچ کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ پر اور آخری دن پر اعتقاد نہیں رکھتے ہیں اور شیطان جس کا مصاحب ہو، اس کا بُرا مصاحب ہے (۳۶-۳۷-۳۸ ۶)

۶۔ اے ایمان والو تم احسان جتلا کر یا ایذا پہنچا کر

اپنی خیرات کو برباد مت کرو جس طرح وہ شخص جو اپنا مال خرچ کرتا ہے لوگوں کو دکھلانے کی غرض سے اور ایمان نہیں رکھتا اللہ پر اور یوم قیامت پر سو اس شخص کی حالت ایسی ہے جیسے ایک چکنا پتھر جس پر کچھ مٹی ہو پھر اس پر زور کی بارش پڑجائے سو اس کو بالکل صاف کر دے۔ ایسے لوگوں کو اپنی کمائی ذرا بھی ہاتھ نہ لگے گی اور اللہ تعالیٰ کافر لوگوں کو رستہ نہ بتلادیں گے (۲۶۴/۲ — ۳۶)

خلاصہ:

جو کام دلی خواہش اور امر الٰہی کے تحت نہیں بلکہ دوسروں کے دکھلانے کے لئے کیا جائے وہ (مُراءاۃ) دکھاوا کہلاتا ہے۔ ان آیات میں ایسی عبادت کرنے والوں اور نمازیوں کی مذمت کی گئی ہے جو اللہ کی یاد قائم کرنے کے لئے نہیں بلکہ لوگوں کو بتلانے۔ دھوکہ دینے اترانے۔ فخر و غرور کرنے، لوگوں پر احسان جتلانے اور تکلیف پہنچانے کے لئے اعمال خیر کی صورت بلا روح کی نمائش کرتے ہوں اور ان کو منافق ظاہر کر کے یہ ارشاد فرمایا گیا ہے کہ ان کے اعمال کا نہ کوئی ثواب ملے گا

Marfat.com

اور نہ اچھے نتائج مترتب ہوں گے۔

الدرسُ الثامنَ عشرَ

العدل

الألفاظ الصعبة: (فریضہ مقرر کرنا ذمہ دار بنانا)

قِسطٌ، اقساطٌ، عدلٌ۔ کسی چیز کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرنا۔

قام بالقسط۔ انصاف کی رعایت کی۔

قُربیٰ۔ نزدیکی۔ (قرابة۔ مصدر)

کَیلٌ۔ ناپ

میزان۔ ترازو۔ وزن کرنا

لانُکلّفُ۔ ہم ذمہ دار نہیں بناتے یا بنائیں گے۔ (تکلیف

بَیّنٰتٌ۔ کھلی چیزیں۔ معجزات۔ دلیلیں۔ (مُبَیّنَةٌ واحد)

فاءت۔ اس عورت (یا جماعت یا جس) نے رجوع کیا۔ (فیءٌ۔ لوٹنا)

قوامین یا قوامون۔ قائم کرنے والے۔ کھڑے ہونے والے۔ نگران۔

شُہَداء۔ (شہیدٌ کی جمع) گواہ۔ نگران۔ حاضر۔

Marfat.com

لَا یَجْرِمَنَّکُمْ - وہ تم کو ہرگز برانگیختہ نہ کرے۔ | أَوْلیٰ - (ولی کی تفضیل) زیادہ قریب
شَنَآنٌ - دشمنی | هَوَی - خواہش (اَهوِیَة واَهواء جمع)

ترجموا الی الأردویة ما یأتی :-

۱- قُلْ اَمَرَ رَبِّیْ بِالْقِسْطِ (۲ $\frac{۲۹}{۷}$)
۲- وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَیْنَکُمْ (۱ $\frac{۱۵}{۴۲}$)
۳- اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُقْسِطِیْنَ (۱۱ ،۲۸، ۲ ، ۸ ، ۹ ، ۴۲ $\frac{}{۶۰ \ و \ ۴۹ \ و \ ۵}$)
۴- وَاَنْ تَقُوْمُوْا لِلْیَتٰمٰی بِالْقِسْطِ (۱۸ $\frac{۱۲۷}{۴}$)
۵- وَیٰقَوْمِ اَوْفُوا الْمِکْیَالَ وَالْمِیْزَانَ بِالْقِسْطِ $\frac{۸۵}{۱۱}$
۶- اِنَّ اللّٰهَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِیْتَآءِ ذِی الْقُرْبٰی (۱۲ $\frac{۹۰}{۱۶}$)
۷- وَاَوْفُوا الْکَیْلَ وَالْمِیْزَانَ بِالْقِسْطِ لَا نُکَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَاِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ کَانَ ذَا قُرْبٰی (۱۸ $\frac{۱۵۲}{۶}$)
۸- لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَیِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْکِتٰبَ وَالْمِیْزَانَ لِیَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ $\frac{۲۵}{۵۷}$
۹- فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَیْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا
۱۰- یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ وَلَا یَجْرِمَنَّکُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ

Marfat.com

عَلٰٓی اَنْ لَّا تَعْدِلُوْا اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی

۱۱- یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓی اَنْفُسِکُمْ اَوِ الْوَالِدَیْنِ وَالْاَقْرَبِیْنَ اِنْ یَّکُنْ غَنِیًّا اَوْ فَقِیْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰی بِهِمَا فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓی اَنْ تَعْدِلُوْا وَاِنْ تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ کَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرًا (۱۳۵/۴ ۱۹)

اٹھارہواں سبق

انصاف

عربی میں ترجمہ کرو:-

۱- آپ کہہ دیجئے کہ میرے رب نے حکم دیا ہے انصاف کرنے کا۔ (۲۹/۷ ۲)

۲- اور مجھ کو یہ حکم ہوا ہے کہ تمہارے درمیان میں عدل رکھوں (۱۵/۴۲ ۲)

۳- بلاشک حق تعالیٰ عدل کرنے والوں سے محبت کرتے ہیں (۴۲/۵ ۵)

۴- بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے (۹/۴۹ ۴)

Marfat.com

۳- الله تعالیٰ انصاف کا برتاؤ کرنے والوں سے محبت رکھتے ہیں (۸/۶ ۱)

۴- اور اس باب میں کہ یتیموں کی کارگزاری انصاف کے ساتھ کرو (۱۲۷/۴ ۱۸)

۵- اور اے میری قوم تم ناپ اور تول پوری پوری طرح کیا کرو (۸۵/۱۱ ۷)

۶- بے شک الله تعالیٰ اعتدال، احسان اور اہل قرابت کو دینے کا حکم فرماتے ہیں۔ ۹۰/۱۶ ۱۲

۷- اور ناپ اور تول پوری پوری طرح کیا کرو انصاف کے ساتھ۔ ہم کسی شخص کو اس کے امکان سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے اور جب تم بات کیا کرو تو انصاف رکھا کرو گو وہ شخص قرابتدار ہی ہو

۸- ہم نے اپنے پیغمبروں کو کھلے کھلے احکام دے کر ۱۵۲/۶ ۱۸ بھیجا اور ہم نے ان کے ساتھ کتاب کو انصاف کرنے کیلئے نازل کیا تھا کہ لوگ اعتدال برتا ہم رہیں ۵/۵۷ ۴

۹- پھر اگر رجوع ہو جائے تو ان دونوں کے درمیان عدل کے ساتھ اصلاح کر دو اور انصاف کا خیال رکھو (۹/۴۹ ۴)

۱۰- اے ایمان والو۔ کھڑے ہو جایا کرو۔ الله کے

Marfat.com

واسطے گواہی دینے کو انصاف سے
اور کسی قوم کی دشمنی کے باعث انصاف کو ہرگز نہ
چھوڑو۔ عدل کرو یہی بات زیادہ نزدیک ہے تقویٰ سے
۱۱۔ اے ایمان والو انصاف پر خوب قائم رہنے والے
اور اللہ کے لئے گواہی دینے والے رہو اگرچہ
اپنی ہی ذات پر ہو یا کہ والدین اور دوسرے
رشتہ داروں کے مقابلے ہیں، وہ شخص اگر امیر
ہے تو اور غریب ہے تو دونوں کے ساتھ اللہ
تعالیٰ کو زیادہ تعلق ہے سو تم خواہش نفس کا اتباع
مت کرنا کبھی تم حق سے ہٹ جاؤ اور اگر تم کج بیانی
کرو گے یا پہلو تہی کرو گے تو بلاشبہ اللہ تعالیٰ
تمہارے سب اعمال کی پوری خبر رکھتے ہیں ۱۳۵/۴ ۱۹

خلاصہ

کسی شئے کو ایسے دو برابر حصوں میں تقسیم کرنا کہ جن
میں ذرہ برابر بھی کمی اور زیادتی نہ ہو عدل و انصاف
کہلاتا ہے۔ گویا ہر کام اور ہر قول بلا کم و کاست
راستی و صداقت اور امر الٰہی کے موافق انجام دینا
عدل و انصاف کا مترادف ہے۔ ان آیات میں

Marfat.com

بتلایا گیا ہے کہ مولیٰ تعالیٰ کا ہر قول و فعل عدل و قسط کا حامل ہے۔ پیغمبروں کے ذریعے جو کتابیں نازل فرمائی گئی ہیں اور انبیاء کے اقوال و افعال و آثار و معجزات سب میزان عدل میں پورے اترتے تھے اور عام انسانوں کو یتیموں۔ کمزوروں۔ قرابت داروں۔ گاہکوں۔ تاجروں اہل معاملہ حتی کہ دشمنوں کے ساتھ بھی ہر بات اور ہر کام میں عدل و انصاف سے برتاؤ کرنے کی تاکید فرمائی گئی ہے۔ اگرچہ یہ عمل خود اپنی ذات اور قریب ترین رشتہ داروں کے خلاف ہو اور ان کے لئے مضر کیوں نہ واقع ہو اور ہدایت فرمائی گئی ہے کہ مالدار کی رعایت اور غریب کی حمایت غیر منصفانہ طور پر نہ ہونی چاہیئے۔ مولیٰ تعالیٰ ہر دو کے نگران ہیں۔

Marfat.com

الدرس التاسع عشر

القضاء

الألفاظ الصعبة:

فَاحْكُمْ۔ پھر فیصلہ کر۔	تیرے پروردگار کی قسم
نِعِمَّا۔ (نِعْمَ مَا) اچھی ہے وہ چیز جو۔	تیرا تربیت فرمانے والا
أَرَاكَ۔ اس نے تجھے دکھایا (إِرَاءَةٌ۔ دکھانا، رُؤْيَةٌ دیکھنا)	شاید ہے کہ ایسا نہیں ہے
يُوقِنُونَ۔ وہ یقین رکھتے ہیں یا رکھیں گے (إِيقَان یقین رکھنا)	يُحَكِّمُوكَ۔ وہ تجھے حاکم بناتے ہیں (تحکیم۔ فیصلہ کرانا حکم قرار دینا)
فَلَا وَرَبِّكَ۔ پس نہیں ہے وہ چیز اے مخاطب جو تو سمجھ رہا ہے یا گذر چکی ہے	شَجَرَ۔ اس نے جھگڑا کیا۔
	لَا يَجِدُونَ۔ وہ نہیں پاتے ہیں یا نہیں پائیں گے۔ (وِجدان۔ پانا)
	حَرَجٌ۔ تنگی۔ مضائقہ۔
	قَضَيْتَ۔ تو نے فیصلہ کیا

Marfat.com

(قضاء - حکم یا فیصلہ کرنا) (ذَنَبٌ - واحد) (ذنب - دُم -
یُسَلِّمُوْنَ - وہ مان لیتے ہیں اَذْنَاب - جمع)
یا مان لیں گے۔ مُذْعِنِیْنَ، مُذْعِنُوْنَ - مان لینے والے فرمانبردار (اذعان فرمانبرداری کرنا)
تَسْلِیْمٌ - سلام کرنا - مان لینا۔
ذُنُوْبِھِمْ - ان کے گناہ -

ترجموا الی الاُردویۃ ما یأتی :-

۱- وَاِنْ حَکَمْتَ فَاحْکُمْ بَیْنَھُمْ بِالْقِسْطِ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُقْسِطِیْنَ (۴۲/۵ - ۵)

۲- وَاِذَا حَکَمْتُمْ بَیْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْکُمُوْا بِالْعَدْلِ اِنَّ اللّٰہَ نِعِمَّا یَعِظُکُمْ بِہٖ (۵۸/۴ - ۷)

۳- اِنَّا اَنْزَلْنَا اِلَیْکَ الْکِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْکُمَ بَیْنَ النَّاسِ بِمَا اَرٰىکَ اللّٰہُ وَلَا تَکُنْ لِّلْخَآئِنِیْنَ خَصِیْمًا (۱۰۵/۴ - ۱۵)

۴- فَاحْکُمْ بَیْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْھَوٰی فَیُضِلَّکَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ (۲۶/۳۸ - ۱)

۵- وَمَنْ لَّمْ یَحْکُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْکٰفِرُوْنَ (۴۴/۵ - ۶)

۶- وَمَنْ لَّمْ یَحْکُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الظّٰلِمُوْنَ (۴۵/۵ - ۶)

۷- وَمَنْ لَّمْ یَحْکُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ

Marfat.com

الْفٰسِقُوْنَ (۴۷/۵)

۸- اَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُوْنَ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِقَوْمٍ يُوْقِنُوْنَ (۵۰/۵)

۹- فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا (۶۵/۴)

۱۰- وَاَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ بِبَعْضِ ذُنُوْبِهِمْ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ لَفٰسِقُوْنَ (۴۹/۵)

۱۱- وَاِنْ يَّكُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ (۴۹/۲۴)

انیسواں سبق

فیصلہ

عربی میں ترجمہ کرو:-

۱- اور اگر آپ فیصلہ کریں تو ان میں عدل کے موافق فیصلہ کیجئے۔ بے شک حق تعالیٰ عدل کرنیوالوں

ہے محبت کرتے ہیں۔ (۴۲/۵ ۵)

۲۔ اور یہ کہ جب لوگوں کا تصفیہ کیا کرو تو عدل سے تصفیہ کیا کرو۔ اللہ تعالیٰ جس بات کی تم کو نصیحت کرتے ہیں وہ بات بہت اچھی ہے۔ (۵۸/۴ ۷)

